Mian Raza Rabbani: I will just take two minutes. Mr. Chairman, at the outset, first of all, I would like to congratulate you on being re-elected as the Chairman of the Senate of Pakistan and I would also like to take this opportunity to congratulate Mr. Jabbar on being elected as the Deputy Chairman of the Senate of Pakistan. I would also, from the floor of this House, take this opportunity to thank all of those honourable Senators who expressed their confidence in me, the party leadership and the party mandate by casting their votes in my favour. I would also, at this stage, like to thank the members, honourable Senators,who did not vote for me for the simple

reason that I believe that this is a democratic process, one side wins and the other loses and each, in casting their votes for their particular candidate, is infact dicharging his or her constitutional duty and obligation towards democracy and the state. .As I promised that I would not take too much of your time, I would just like to say that the results of this election have once again exhibted the fact that the Government of Pakistan Peoples' Party and its allies believe in tolerance, believe in accommodation of the Opposition and believe in respecting and strengthening the democratic traditions and democratic institutions. The manner in which the election campaign was run, the manner in which each and every honourable Senator was free to move according to the dictates of his conscience clearly exhibits the commitment of Mohtarama Benazir Bhutto, Prime Minister of Pakistan, the Government of Pakistan Peoples Party and its allies towards the democratic process and strengthening of democracy. It further exhibits that the PDF allies refused to compromise on principles, refused to become captive to various strings and demands but yet we fought a principled battle and we are proud of the position that we had taken. I would, once again, take this opportunity assuring you; Sir, that in my personal capacity as a member of this House and also on behalf of my party and the alliance that we will give you the utmost cooperation in running this House smoothly, efficiently in accordance with the rules and Constitution so that the institution of democracy, the instituion of the Senate and the institution of the Parliament is Pakistan may flourish.

I, once again, Sir, congratulate you and Mir Abdul Jabbar on being elected Chairman and Deputy Chairman of the Senate. I would also, Sir, just before I wind up, like to add because it would otherwise be improper particularly in today's session if I leave earlier but as I think you are already aware that I have to join a delegation

of the Senate which is leaving, therefore, I would be leaving a little earlier before the session ends but that should not be construed in any other manner. Thank you.

Dr. Abdul Ghaffar Jatoi: Thank you Mr. Chairman. Please accept my heartiest congratulations on your election and through you I would like to congratulate Mir Abdul Jabbar Sahib also on his election to the office of Deputy Chairman. Also, I would like to take this opportunity to extend profound and heartiest greetings and welcome the new members including those who are re-elected to this House. Sir, it would be dishonest to say that I voted for you but worse still, it will be even more intellectual dishonesty that I do not acknowledge the greatness of your abilities. I have been watching you through these last three years the way you have handled this House, I cannot remember a moment, when you lost control of this House. Well, I do not have fear of contradiction, I can only summarize, but being in your presence, it is embarrassing to really praise your worthy contribution here. I can safely say, without fear of contradition, that you are really a prince of the Parliamentarians. You are really made in god's mill in a more customary mode for this House as they say these days you are a designer Chairman. Also, in this Assembly both old and new members, we have a galaxy of stars, really shining stars in all fields. We have intellectual gians here. We have religious scholars. We have men of letters. We have scientists, doctors, engineers. They are the cream of the society. I doubt if there has been a greater collection of wisdom and wit in this House then we have now. It is a good fortune also. We must acknowledge the contribution of the people who have left us. We shall miss their guidance and support here. Sir, as they say democracy is a fruit of mature civilization, it has evolved through the centuries through the Grecian times, through Socrates and Plato. Later on through the

Romans, it was eclipsed; again by the wild goose, the Vandals, the Huns and the Tartars. Many giants and freedom fighters fought for human rights during the era of renaissance, revival even revolutions. Many people have laid down their lives for the rise of man and for the progress of democracy. Also I would like to take this opportunity to say that this may not be the answer I have summarized. Granted in a democratic set up, the will of the majority must prevail but the will to the rightful must be reasonable. At the same time I will humbly request the Opposition to accept the majesty of the ballot and of the people. The minorities also have many other rights they should not be stifled. Some of the noblest figures of history were once in the Opposition, and in minority . They include many liberators, many emancipators, many prophets who have watered this democracy with blood.

So, I think the Government, the Opposition for the sake of this country, for the good of poor man should join hands together. Today, here we sit under the symbolic shadow of the great liberator , the great dealist, nearly fifty years have passed,since the independence. It came as a beacon of light and hope for our people but unfortunately over the years one ruler after another a long line of rulers, instead of getting out of the wave of craze for gain and impatience for position forgot what they have to do for the poor man who lives in a lonely island of poverty today. We are also fortunate to have today a young charismatic and a dynamic Prime Minister. True, she explained their problems with eloquence in a picturesque language. She did manage to get into power. I hope now that through her qualities, she is going to motivate the people and exploit the resources which we have, both human and material. She has a choice now to be graced with destiny or would she like to have graced with despair. Would she like to live on the lips of men and in the heart of posterity or would

she like to have a date and then recede into oblivion. I am sure now she has for the first time been exonerated. She was young and inexperience at that time but as they say wisdom is the child of experience.. Now this time I hope that she will use here talent through the good team of people from the scholars to fight against ignorance, disease, exploitation and hunger. I know that people here and in the Government are very talented people. But we must acknowledge the majesty and the goodness of God. Politicians more than anyother human beings cannot succeed without a helping hand and without a divine helping hand like the doctors often call for an invisible healing hand. Let us, therefore, invoke the mercy and blessing of God Almighty. Let us pray; May He in His infinite mercy and wisdom guide and help us to serve this country to His serve the people and mankind at large. Thank you.

Mr. Chairman: Thank you. Qazi Hussain Ahmad.

جناب چیئرمین: قاضی حسین احمد۔

قاضی حسین احمد: شکریہ، جناب چیئرمین! میں آپ کو، میر عبدالجبار صاحب کو تہہ دل سے مبارکباد پیش کرتا ہوں اور آپ کی جو جیت ہے بحیثیت چیئرمین وہ آپ کے سابقہ ریکارڈ کے لئے ایک خراج تحسین ہے جس عدل اور انصاف کے ساتھ آپ نے ہمیشہ اس ایوان کو چلایا ہے یہ اس کا اعتراف ہے اس ہاؤس کے ممبران کی طرف سے یہ بات سب کو معلوم ہے کہ اس ہاؤس میں نہ پاکستان پیپلز پارٹی کو میجارٹی حاصل ہے نہ پاکستان مسلم لیگ نواز شریف گروپ کو میجارٹی حاصل ہے۔ یہاں جو بھی فیصلہ کیا گیا ہے یہ فیصلہ یہاں کی چھوٹی پارٹیوں اور یہاں کی آزاد پارٹیوں نے کیا ہے اور وہ فیصلہ انہوں نے آپ کے شخصی میرٹ کی وجہ سے کیا ہے کہ آپ نے عدل اور انصاف کے ساتھ اس ایوان کو چلایا اور آپ سے یہ توقع رکھتے ہیں کہ آپ اس ایوان کے وقار کو اسی طریقے سے ملحوظ رکھیں گے اور عدل و انصاف کے تقاضوں کو پورا کریں گے میں جناب منظور گچکی صاحب اور جناب رضا ربانی صاحب کو بھی مبارکباد پیش کرتا ہوں اور ان کی پارٹی کو بھی حکمران پارٹی کو بھی کہ انہوں نے بہت باوقار طریقہ سے ان نتائج کو تسلیم کیا اور میں اسے جمہوریت کے لئے

ایک نیک شگون سمجھتا ہوں۔

جناب چیئرمین! اس موقع پر میں آپ کو آپ کی ذمہ داری یاد دلاؤں گا۔ عدل و انصاف جمہوریت کی جان ہے، جمہوریت میجارٹی کی آمریت نہیں ہوتی جمہوریت میں سب کا احترام کیا جاتا ہے ہر ایک کی رائے کا احترام کیا جاتا ہے۔ ہر ایک کو اپنا حق دیا جاتا ہے، ہارنے والے کو بھی، جیتنے والے کو بھی، اگر عدل نہیں ہو گا، انصاف نہیں ہو گا اور لوگوں کو حقوق نہیں دیئے جائیں گے تو جمہوری نظام نہیں چل سکے گا۔

جناب چیئرمین! اس وقت جو ہمارے ملک کی صورتحال ہے وہ کسی طرح سے بھی خوشگوار نہیں ہے تشویشناک ہے یہ بات کھلم کھلا سب لوگ کہہ رہے ہیں کہ اس سسٹم کو یعنی جمہوریت کے سسٹم کو خطرہ ہے ہم ایک بحران سے گزر رہے ہیں اور اس بات کے خدشات ظاہر کئے جا رہے ہیں کہ یہ collapse ہونے والا ہے اس کو collapse ہونے سے بچانا ہم سب کی ذمہ داری ہے اور آپ اس پر ایک بہت بڑا رول رکھتے ہیں ایک بہت بڑا کردار ادا کر سکتے ہیں اس کا طریقہ یہی ہے کہ حکومت اپوزیشن کے حقوق کو تسلیم کرے اور ایسا رویہ اختیار نہ کرے۔ جو اشتعال انگیز ہو اور جس کے نتیجے میں اپوزیشن بھی اشتعال میں آئے۔ جناب چیئرمین! اس وقت صوبہ سرحد میں گورنر رول ہے اس گورنر رول کا کوئی جواز نہیں ہے اسمبلی موجود ہے آپ کو اور ہم سب کو مل جل کر ہارس ٹریڈنگ کا راستہ روکنا ہے یہ کسی کے لئے بھی شایان شان نہیں ہے کہ وہ کسی پارٹی کی سٹیج پر، اس کی قوت پر ایوان میں آئے اور وہ پھر اس پارٹی کو چھوڑ دے اس لئے اس کا راستہ روکنے کی مل جل کر قانون سازی کے ذریعے سے کوشش کریں اسی طرح ملک میں لسانی بنیادوں پر فسادات ہو رہے ہیں اور فرقہ وارانہ بنیادوں پر کشیدگی پائی جاتی ہے فرقہ واریت کو اور لسانی اور علاقائی تعصبات کو لگام دینا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے اور اس وقت خود کراچی شہر میں ایک ایسی صورت ہے کہ وہ شہر بالکل آگ کے کنارے کھڑا ہے اور اس کو سنبھالنا اور اس کو قوت کے ذریعے سے نہیں تشدد کے ذریعے سے نہیں سنبھالا جا سکتا بلکہ اس کو حکمت کے ساتھ، بھائی چارے کے ساتھ اور محبت کے ذریعے سے سنبھالا جا سکتا ہے اس بات کی ضرورت ہے جناب چیئرمین! کہ ہم consensus politics develop کرنے کی کوشش کریں خاص طور پر وہ مسائل جو قومی مسائل ہیں قومی سیکورٹی ہے، نیشنل سیکورٹی ہے، کشمیر کا مسئلہ ہے، نیوکلیئر پروگرام ہے، نیوکلیئر پروگرام بھی ہماری خود مختاری اور sovereignty سے اور ہمارے دفاع سے تعلق رکھتا ہے، کشمیر کا مسئلہ ہماری قومی یک جہتی ہماری integrity اور ہماری سلامتی کا مسئلہ ہے جناب چیئرمین! اسی طریقے سے وہ اسلامی نظریہ جس کا ہم سب حلف لیتے ہیں بحیثیت سینیٹر، بحیثیت ممبر پارلیمنٹ، بحیثیت چیئرمین، بحیثیت ڈپٹی چیئرمین جس کا ابھی آپ نے حلف اٹھایا

ہے ہم پر لازم ہے۔ یہ جو مشترک میدان ہے ہماری مصلحتوں کا یہ ایک بڑا وسیع میدان ہے اس پر ہم ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کریں گے اگر یہاں کی politics consensus ہو گی ایک دوسرے کے حقوق کو تسلیم کیا جائے گا اس کا احترام کیا جائے گا ملک کے اسلامی نظریے کے ساتھ وفاداری کا حق ادا کیا جائے گا اور یہاں ناجائز ہتھکنڈے استعمال نہیں کئے جائیں گے اور ممبران کی خریدو فروخت کے سلسلے ختم ہوں گے تو ہم جمہوریت کی ایک مستحکم بنیاد رکھ سکیں گے۔ جناب چیئرمین! آپ کا اس سلسلے میں بہت بڑا کردار ہے۔ اسی طرح ایوان میں جتنے نئے آنے والے ہیں میں تمام نئے آنے والوں کو تہہ دل سے خوش آمدید کہتا ہوں اور ان کے سامنے یہ بات رکھتا ہوں کہ اس ایوان میں بہت اچھی روایات قائم کی گئی ہیں۔ اور امید ہے کہ وہ ہمارے ساتھ ان اچھی روایات کو برقرار رکھنے میں تعاون فرمائیں گے اسی طرح سے جو جانے والے ہیں ہمارے بہت اچھے لوگ اس وقت آج یہاں موجود نہیں ہیں ہم ان کو اور ان کی کارکردگی کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں اور ہم اللہ تعالیٰ سے دعا گو ہیں کہ آپ کو ڈپٹی چیئرمین کو، حکومت کو، اپوزیشن کو، ملک ، دین اور وطن کے مفاد اور مصلحت میں اپنا کردار سرانجام دینے کی توفیق بخشے۔ امین بہت شکریہ!

جناب چیئرمین: ملک فرید اللہ خان صاحب کوشش کریں کہ ذرا مختصر بات ہو۔

ملک فریداللہ خان: شکریہ جناب چیئرمین! میں بالکل اختصار سے کام لوں گا جناب چیئرمین! آپ کو اس عہدہ، جلیلہ پر منتخب ہونے کے موقع پر مبارکباد پیش کرتا ہوں اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ اگر ہم گزشتہ عرصہ کو دیکھیں مجھے یاد ہے کہ اس ہاؤس میں پیپلز پارٹی کے کل دو سینیٹرز تھے آج وہ 38 تک ہو چکے ہیں۔

جناب چیئرمین: 38 تو نہیں ہیں کہاں آپ نے بڑھائے۔ دو سے 22 ہو گئے۔

ملک فرید اللہ خان: جناب چیئرمین! جو آج کے نتائج ہیں۔

جناب چیئرمین: وہ صحیح ہے۔

ملک فریداللہ خان: میں سمجھتا ہوں کہ وہ جو ان کے دو ممبران تھے آج ان کی تعداد اتنی بڑھی ہے۔ تو یہ بھی ان کی فتح ہے اور وہ جدوجہد جاری رکھیں۔ جناب والا! قائد ایوان ملک قاسم صاحب نے اپنی تقریر میں جو یہاں کی اور جن لوگوں نے تحریک پاکستان میں اور پاکستان کی آزادی میں حصہ لیا ان کے نام لئے۔ مجھے انتہائی افسوس ہے کہ ملک کے

اس حصے کا انہوں نے ذکر نہیں کیا کہ جنہوں نے پاکستان کے قیام کے لئے سر پر کفن باندھ کر جنگ آزادی لڑی اور اس میں شہید ہوئے آج اگر کشمیر کو آپ دیکھیں جو کشمیر آپ کے حصہ میں ہے اس میں قبائلیوں کا کتنا رول ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ وہ اس کا ذکر کرتے تو ہماری دلجوئی ہوتی۔ میں اپنی جانب سے اور اپنے دوستوں کی جانب سے آپ کو اور میر عبدالجبار صاحب کو مبارکباد پیش کرتا ہوں اور منظور گچکی جو کہ اس ایوان کے بڑے متحرک رکن ہیں ہمارے دوست ہیں انہوں نے جس جذبے سے آپ کو مبارکباد دی ہے وہ بھی خراج تحسین کے لائق ہے۔ اختلاف رائے جمہوریت کی روح ہے اور یہی جمہوریت ہے کہ ایک دوسرے کو مبارکباد دیتے ہیں، ہار قبول کرتے ہیں اور فتح کو تسلیم کرتے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ جمہوری ادارے اسی طرح سے مستحکم ہوں گے اور جن جذبات کا اظہار حکومتی ارکان نے کیا ہے میرا خیال ہے وہ قابل تحسین ہیں۔ آپ آیات کریمہ کے نیچے بیٹھے ہیں آپ پر اتنی بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے خصوصاً آنے والے وقت میں جبکہ حکومت اور اپوزیشن کے بیچ میں خلیج بڑھتی جا رہی ہے قوم کی نگاہیں اس ایوان بالا کے اوپر لگی ہوئی ہیں تو آپ کو ایسے فیصلے کرنے ہیں جو کہ جمہوری تاریخ میں رقم ہوں گے شکریہ۔

جناب چیئرمین : جناب خلیل الرحمٰن صاحب۔

Mr. Khalil-ur-Rehman: Thank You Mr. Chairman. It is my pleasure again to rise here and facilitate you on your election to this august office. Mr. Chairman, your previous election was an easy election. This election was more like the testing of steel and the portrayal of the result certainly show that you are not just the choice of one party or its allies but there are others who have sought you out for your wisdom for your sagacity or your large heartedness, for your patience, for your amiability and most of all for your impartiality. But then, sir, this does thurst upon you an added on us to conduct the business of the House even more with an even-hand and I am sure you will do that.

Sir, most of your rulings in the, last tenure of yours portrait your wisdom and judiciousness and I hope this will continue. You have always preached the independence of judiciary, the independence

of judiciary from the executive and I hope you still stand by it and that can only happen if the Parliament is soverign and supreme. And I hope that you will stand by your convictions. I also take this opportunity of congratulating my friend and colleague Mir Abdul Jabbar to this august office and I hope he in his usual off handed, very modest way will be a great help to this office. I would indeed fail if I do not laud the services of the former Chairperson Dr.Noor Jehan Panezai, I think, she did her best and with her going away a bit of light and a bit of colour has gone and I am sure there are others who will be able to fulfil the space. I would also like to congratulate and welcome the new Senators who have joined us. I think the Leader of the House went in ample details of narrating qualities of each one of them. To them I can only say that this is a modest House, may be small in area, but here are people who have large hearts. They are temperate people. Tempers don't flow here. They don't flare up. It is a proud House, it is not a profane House. The emotions are controlled here. We talk of Pakistan first and then we talk of provincial issues later, which does bring me to a sort of, I would say, provincial issue Sir, that the strength of a country and particularly of this country is in its federating units and unless these federating units get equal representation and participation I think it does harm the country in some form or the other. Unfortunately, I think, none of the larger parties this time did consider this factor and they certainly did omit a province for any slot. Because giving equal representation gives a sense of participation. It fastens the democratic values and develops national spirit which I think are the essential ingredients of stability of any country. I once again congratulate you and the Deputy Chairman, thank you very much

سید اشتیاق اظہر : آج کی یہ کامیابی، سینٹ کے چیئرمین کی حیثیت سے آپ کی تیسری کامیابی ہے میں آپ کو ایم کیو ایم کی جانب سے مبارکباد پیش کرتا ہوں اسی

طرح سے اپنے دوست میر عبدالجبار کو بھی ڈپٹی چیئرمین کے عہدے پر منتخب ہونے پر مبارکباد اور پذیرائی کے الفاظ کہنا چاہتا ہوں۔ آج کے اس اجتماع میں جب تقریریں ہو رہی تھیں تو لیڈر آف دی ہاؤس نے بہت سی باتیں کہی تھیں۔ کاش وہ اس موقع پر موجود ہوتے تو میں ان کی اس بات سے اتفاق کرتا کہ قومی معاملات اور مسائل میں consensus ہونا چاہیئے۔ اسی طرح سے میں قاضی حسین احمد صاحب کی بھی اس بات سے اتفاق کرتا ہوں کہ کراچی کے جو حالات ہیں وہ پورے ملک کے سیاسی عمل کے لئے تشویشناک ہیں اور جب سیاسی مسائل کو سیاسی انداز میں حل کرنے کی بجائے تشدد کے ذریعے حل کرنے کی کوشش کی جائے گی تو اس کے جو نتائج نکلیں گے وہ ایسے بھیانک نکلیں گے ---- (مداخلت)

جناب چیئرمین: excuse me: ایک منٹ، لاء منسٹر صاحب، آج کے اس سیشن کا کیا پروگرام ہے؟ کب تک چلانا ہے؟

سید اقبال حیدر : آج ہی prorogue کرنا ہے۔

جناب چیئرمین : اچھا تو کس وقت تک اس کو چلایا جائے ؟

سید اقبال حیدر : جیسے ممبران کی رائے ہو، آج آپ نے دعوت بھی دی ہوئی ہے۔

جناب چیئرمین : تو کیا کیا جائے۔ بہت سے ممبران بولنا بھی چاہتے ہیں۔

ایک فاضل رکن : کل تک لے جائیں۔

جناب چیئرمین : نہیں کل تک تو نہیں prorogation order تیار ہو چکا ہو گا۔

سید اقبال حیدر : جی ہاں وہ تیار ہے۔

جناب چیئرمین : اب ساڑھے آٹھ بج چکے ہیں، کھانا بھی ہے اور میرا خیال ہے بہت سے حضرات بولنا بھی چاہتے ہیں تو کیا کیا جائے، کیا تجویز ہے؟

سید اقبال حیدر : جناب ایک تو حل یہ ہے کہ ممبران کی لسٹ کم کر دیں

یا پھر وقت مقرر کر دیں۔

جناب چیئرمین : میرا خیال ہے ہر پارٹی کا ایک ایک نمائندہ بول لے تو ٹھیک ہے۔ کیوں جی؟ (وقفہ) ٹھیک ہے اور مختصر بولے۔ کیوں جی ٹھیک ہے؟

(مداخلت)

جناب احسان الحق پراچہ : جناب چیئرمین! اس طرح تو ہمیں محروم رکھا جا رہا ہے۔

جناب چیئرمین : نہیں ایسا نہیں ہے مجھے اس کا حل بھی بتائیں؟

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل : نہیں جناب کل تک چلا لیں۔

جناب چیئرمین : نہیں اس میں دقت یہ ہے کہ prorogation آرڈر آ چکا ہے اور وہ صدر کا ہوتا ہے۔

متعدد فاضل اراکین : تو پھر جاری رکھیں جناب۔

جناب چیئرمین : ٹھیک ہے چلا لیں۔ اور اس دوران آپ مشورہ بھی کر لیں۔

[At this stage the chair was vacated by the Chairman which was occupied by the Deputy Chairman (Mir Abdul Jabbar]

جناب ڈپٹی چیئرمین : شکریہ۔ اشتیاق اظہر صاحب۔ جاری رکھیں۔

سید اشتیاق اظہر : جناب! میں عرض کر رہا تھا تو درمیان میں یہ وقفہ ہو گیا۔

میں لیڈر آف دی ہاؤس کی تقریر کے جملوں کا تذکرہ کر رہا تھا۔ کاش وہ یہاں ہوتے تو اس بارے میں ان کو دوسرے اراکین کی رائے سے بھی واقفیت کا موقع ملتا۔ بہرحال جیسا کہ میں ابھی کہہ رہا تھا کہ جو اس وقت تشویشناک حالات ہیں جس کی جانب میرے بعض دوستوں نے اشارہ کیا ان کے پیش نظر میں سمجھتا ہوں کہ اس ایوان کی اہمیت اور بڑھ جاتی ہے۔ اس لئے کہ یہ ایوان وفاق کی علامت ہے اور اس ایوان میں جو کچھ بھی ہو گا اس سے میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس ملک میں جمہوریت کی جڑیں مضبوط ہوں گی۔ جب جمہوریت کی جڑیں مضبوط ہونے کا مسئلہ پیش آتا ہے اس کا تذکرہ کیا جاتا ہے تو یہ سوچنا چاہیئے کہ یہ ملک کی تمام پارٹیوں کا اور خاص کر حکومتی پارٹی کا فرض بنتا ہے کہ وہ اس سلسلے میں اپنے فرائض کو مدنظر رکھے اور ایسے اقدامات کرے کہ جس سے ملک میں جمہوریت کا تسلسل برقرار رہے، سیاسی مسائل سیاسی بنیاد پر حل کئے جائیں اور تشدد سے کام نہ لیا جائے اور اس قسم کی کوششیں نہ کی جائیں کہ جس سے اپوزیشن اور حکومت کے درمیان باہمی آمیزش کی بجائے افہام و تفہیم کی راہ نکالی جائے۔ اور افہام و تفہیم کی راہ نکالنا کسی ایک فرد یا پارٹی کا کام نہیں ہے، اس میں تمام پارٹیوں کو اپنا اپنا رول ادا کرنا ہو گا، اور حسن اتفاق سے چیئرمین کے عہدے کے لئے جس شخصیت کا انتخاب کیا گیا ہے، جیسا کہ قاضی حسین احمد صاحب نے فرمایا، میرٹ پر اس کا انتخاب ہوا ہے اور آپ کا انتخاب بھی میرٹ پر ہوا ہے۔ اس انتخاب میں میرٹ کو بنیاد بنا کر جو ایوان کی رائے سامنے آئی ہے میں سمجھتا ہوں کہ اس سے ملک میں جمہوریت کی جڑیں مضبوط اور مستحکم ہو سکتی ہیں۔ میں اس موقع پر آج جن ارکان نے سینٹ کے رکن کی حیثیت سے حلف اٹھایا، انہیں خوش آمدید کہتا ہوں اور ان ارکان کا بھی شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں، تذکرہ کرنا چاہتا ہوں جو آج اس ایوان میں موجود نہیں ہیں، ریٹائر ہو گئے ہیں، میری مراد سینیٹر فصیح اقبال سے ہے کہ جنہوں نے اس ایوان کی کارروائی میں بہت بھرپور حصہ لیا، اسی طرح سے ہمارے بہت سے ایسے دوست ہیں کہ جو اگر موجود ہوتے یا منتخب ہوتے تو اس ایوان کا وقار بلند ہوتا۔ ہم سب کو مل کر یہ کوشش کرنی چاہیئے کہ یہ ملک اس سنگین صورتحال سے بچ جائے جس میں اس کو دھکیل دیا گیا ہے اور ہم سب کو مل کر یہ کوشش کرنی چاہیئے کہ اس ملک میں جمہوریت کی جڑیں مستحکم اور مضبوط ہوں اور ایسی صورتحال پیدا ہو کہ جس سے افہام و تفہیم کی راہ نکالی جائے، افہام و تفہیم دراصل سیاسی عمل کا ایک حصہ ہے اور انتہائی اشتعال انگیز حالات میں بھی اگر افہام و تفہیم کے جذبات سے کام لیا جائے تو ہمارے بہت سے مسائل حل ہو سکتے ہیں۔

میں ایک بار پھر جناب چیئرمین وسیم سجاد صاحب کو، ان کی کامیابی پر اور آپ کو ڈپٹی چیئرمین کی حیثیت سے کامیابی پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ مجھے امید ہے کہ آپ دونوں کی یہ ٹیم مستقبل میں سینٹ کے وقار میں اضافے کا باعث بنے گی اور اس سلسلے میں جو جو

پارٹیاں اس وقت نمائندگی کر رہی ہیں ان کی طرف سے یقینی طور پر آپ کے ساتھ بھرپور تعاون کا مظاہرہ کیا جائے گا۔ بہت بہت شکریہ۔

Mr. Deputy Chairman: I think, I have certain names with me. If it is possible we should go accordingly because these names were written by the Chairman. So, I think, I should go accordingly. Thank you.

An honourable Member: I may also be.

Mr. Deputy Chairman: Yes, Sir, but it would be my humble submission that you kindly be brief. Thank you very much . Now, I will request Mr.Abdur Rahim Khan Mandokhel to occupy the floor now.

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل : جناب چیئرمین! میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے موقع دیا ایک ایسے دن جبکہ ہماری سینٹ میں نئے ممبران آئے ہیں، اور پھر سینٹ کے چیئرمین اور ڈپٹی چیئرمین کا انتخاب ہوا ہے اور اس پر پھر میرے محترم دوست اقبال حیدر صاحب نے میرے لئے دو منٹ کا وقت دیا ہے یہ ان کی محبت کا اظہار ہے، میں ان کا بہت مشکور ہوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : جی یہ ان کی محبت کا اظہار ہے۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل : تو جناب چیئرمین! ہونا یہ چاہیئے تھا کہ آج کے موقع پر ہم تفصیلی بات کرتے، اپنی ملکی سیاست، معیشت اور دوسرے جو ہمارے سماجی مسائل ہیں ان سب پر، لیکن اب جو ہے ---------- پھر میں اقبال حیدر صاحب کا ذکر کروں گا کہ وہ کہہ رہے ہیں کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ وہ یہ دعوت miss کر دیں، اس لئے جناب چیئرمین! میں جناب چیئرمین وسیم سجاد صاحب، اور ڈپٹی چیئرمین یعنی آپ کو مبارکباد دیتا ہوں کہ آپ آج کے انتخابات میں منتخب ہوئے اور جناب منظور گچکی اور رضا ربانی صاحب کو میں سادہ پشتو میں شاباش دیتا ہوں کہ انہوں نے جو contest کیا اس میں تسلیم کیا بڑے اچھے انداز میں کہ انتخاب میں آپ ان کے opponents جیت گئے ہیں۔ جو نئے ممبران آئے ہیں ان کو خوش آمدید کہتا ہوں اور جو ممبران

اس بار ریٹائر ہو گئے ہیں ان کے ساتھ ہمارا ساتھ رہا انہوں نے جو role play کیا جمہوریت کے حوالے سے، جو رول تعاون کا پلے کیا ان کو بھی شاباش دیتا ہوں، خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ جناب چیئرمین! یہ جرگہ، یہ ہاؤس اگر پشتو میں اس کا ترجمہ کیا جائے تو یہ مشیران کا جرگہ ہے، جرگہ آف دی ہیڈز ہے یہ ہمارے ملک کے فیڈرل پارلیمانی سسٹم میں بڑی struggle کے بعد بڑی قربانیوں کے بعد یہ ایک ادارہ بنا ہے جو کہ قومی وحدتوں کی نمائندگی کے لئے ہے اور اس میں ایک بنیادی اصول تسلیم کیا گیا کہ تمام یونٹس کی نمائندگی برابر ہو اور اس حوالے سے یہ ادارہ تشکیل دیا گیا۔

جناب والا ہمارے ملک کے جتنے بھی مسائل ہیں اس میں ایک اہم مسئلہ فیڈریشن کا ہے یہ ہاؤس اور اس ہاؤس کے چیئرمین اس ہاؤس کے ڈپٹی چیئرمین اس کے لئے ذمہ دار بنتے ہیں کہ فیڈریشن میں ------ بالخصوص میں کہوں گا کہ ہمارے پشتون یونٹ کے ساتھ انگریز کے زمانے میں یہ سلوک کیا گیا کہ اس نے پشتون یونٹ کو تسلیم کیا اس کی شناخت ختم کی اور ایک حصہ ہمارا تھا اسے دوسرے کا نام دیا گیا، ہم پر دوسروں کو مسلط کیا گیا، یہ جو زیادتی انگریز استعمار نے ہمارے ساتھ کی ہمیں امید تھی کہ ہمارے ملک میں جب ہم جمہوری لوگ بیٹھیں گے تو ہم ایسا ایک آئین تشکیل دیں گے کہ ہمارے ساتھ جو بھی ناانصافی دوسروں نے کی ہے ختم ہو جائے گی لیکن جناب چیئرمین! آج بھی ہماری پوزیشن ایسی ہی ہے آج بھی بحثیت ایک قوم کے، بحیثیت پاکستان کے ایک component part کے ہم سب سے زیادہ suffer ہو رہے ہیں ہم تقسیم ہو گئے ہیں ہماری شناخت نہیں ہے جب ہم کبھی کہتے ہیں کہ پشتون خواہ تو سب ہمارے دوست دونوں طرف سے اٹھتے ہیں اور ہمیں کہتے ہیں کہ آپ کیا اصطلاح استعمال کر رہے ہیں کیوں یہ اصطلاح استعمال کر رہے ہیں؟ اگرچہ ہمارے وہی دوست اپنے یونٹ کے لئے، قومی یونٹ کے لئے اپنے نام کے علمبردار ہیں اور پاکستان کے آئین میں ایک چیز واضح طور پر آ گئی ہے ------ جناب اقبال حیدر صاحب گھڑی ایسے سامنے کر لیتے ہیں جناب چیئرمین صاحب بہرصورت ....

جناب ڈپٹی چیئرمین: میں بھی آپ سے گزارش کروں گا کہ آپ یہ کوشش فرمائیں کہ موضوع کی طرف آئیں۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل: جناب والا! یہ موضوع ہے آپ چیئرمین ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آج کے موضوع کے حوالے سے ....

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل: اس ہاؤس کے مسائل کو آپ نے share

کرنا ہے اس ہاؤس نے share کرتا ہے اس ہاؤس کے مسائل کو جناب والا! تو یہ ایک اہم مسئلہ ہے اس کے ساتھ ہمارا اہم مسئلہ quantum of autonomy کا ہے۔ جو بھی ہماری اثانوی رہی ہے یا ہونی چاہیئے اصولی طور پر، جمہوریت کے اصولوں کے مطابق وہ نہیں دی گئی اس کے ساتھ ہمیشہ لوگ کھیلتے رہے ہیں آج بھی یہاں میرے محترم دوست ملک قاسم صاحب میں بڑے احترام کے ساتھ کہوں گا جیسے وہ کہتے ہیں کہ یہ ہر صوبے میں استحصالی لوگ ہوتے ہیں یہ بات صحیح ہے یہ ان کی دلیل ہے ایم آر ڈی میں بھی ہوتا تھا ہمارے ہاؤسز میں بھی ہے لیکن جناب والا! جو ہم مظلوم لوگ ہیں ہم میں جو استحصالی ہیں افسوس کا مقام ہے کہ ان کے استحصالی بالادست کے استحصالی، ہمارے استحصالیوں کو ناجائز استعمال کرتے ہیں مسئلہ یہ ہے اس لئے میں اس بات سے اتفاق کرتا ہوں کہ ہم لوگ مظلوم ہیں ہمارے جو بھی عوام ہیں مل کر پنجاب کے عوام کے ساتھ مل کر، تعاون کر کے بالادستی ہر شکل میں، خواہ وہ پنجاب کی بالادستی ہو، خواہ ہماری دوسری قوموں کی بالادستی ہو، ہم مل کر بالادستی ختم کریں۔ اسی طرح جناب والا! ہمارے سماجی مسائل ہیں آپ کو علم ہے کہ ہمارا ملک قرض دار ہے اٹھارہ کھرب روپے ہم پر قرض ہے ہمارا ملک دیوالیہ ہے تعلیم کے لئے جناب والا 2 فیصد تعلیم کے لئے ہمارااس حوالے سے آج جو ہمارے ملک کے حالات ہیں اس میں، میں یہ کہوں گا کہ تقریباً ہمیں اس طرف لے جایا جا رہا ہے جس طرح ہم کہتے تھے۔ ہمارا عقیدہ بھی تھا اور ہماری سیاست میں اصول تھا کہ یہاں لوگ کہتے ہیں کہ مذہب کیا لیکن میں وہ بات نہیں کر رہا ہوں۔ ہم کہتے تھے کہ یہ برہمن مت۔ برہمن مت کے معنی یہ ہیں کہ یہاں ایک ایسا طبقہ پیدا کیا جائے گا۔ ایسی قوت پیدا کی جائے گی اقلیت کی۔ مکمل اقلیت کی۔ اور اکثریت جو ہے وہ محروم ہو گی کتاب ان پر بند ہو گی، علم ان پر بند ہو گا۔ اور آج جو حالات ہیں وہ تقریباً اس طرف جا رہے ہیں۔ اسی طرح جناب والا! مہنگائی، اسی طرح بے روز گاری کے مسائل ہیں۔ جناب چیئرمین! میں یہ بات واضح کرنا چاہتا ہوں کہ کوئی خارجہ پالیسی، پشتون، بلوچ سندھی، پنجابی جو پاکستان کے components ہیں ان کی متفقہ رائے سے نہیں بنائی گئی ہے جو بھی پالیسی بنائی گئی ہے ایک محدود interest کے لئے بنائی گئی ہے۔ ایسے اہم مسائل ہمارے سامنے ہیں ان پالیسیوں نے پاکستان کو خطرات سے دوچار کیا ہے۔

اسی طرح اب جمہوریت کا مسئلہ ہے۔ جمہوری اداروں کا مسئلہ جیسا کہ ہمارے قاضی صاحب نے فرمایا اور بجا فرمایا گورنر راج ہے فلور کراسنگ کی باتیں ہو رہی ہیں۔ اور آج ایک خاص بات۔ ایک خاص contest میں کروں گا محترمہ نسیم ولی خان پر جو کل قاتلانہ حملہ ہوا۔ یہ ہمارے ملک کے لئے بڑا خطرہ ہے۔ میں کسی پر الزام نہیں لگاتا جو میرا اپنا تجربہ ہے وہ یہ ہے کہ یہ جاسوسی اداروں نے کیا ہے۔ نہ حکمران پارٹی نے کیا ہے نہ اپوزیشن نے کیا ہے۔

صرف جمہوری پارٹیوں اور قوتوں کو دبانا ہے اور آمریت کی قوتوں کا ملک میں انارکی لا کر اور ملک میں آمریت کو بالادست کرنے کا یہ ایک طریقہ ہے۔ باقی ہر ایک کی اپنی رائے ہے۔ ہو سکتا ہے وہ اپنے کوئی evidence رکھتا ہو۔ لیکن میرا تجربہ یہ ہے۔

جناب والا! ایسے حالات میں ہمارے جو مجموعی طور پر مسائل ہیں۔ سیاسی مسائل، ہمارے سوشل مسائل ہیں۔ یہ مسائل یہاں ہم اس ہاؤس میں حل کریں گے میں تمام دوستوں سے کہوں گا کہ آئیں۔ سید اشتیاق اظہر صاحب اور غفار جتوئی صاحب نے جس میٹھے انداز میں بات کی ہے مفاہمت کی ہم بیٹھ کر ایک دوسرے سے مفاہمت کرکے تمام مسائل حل کریں۔ اگر ہم مفاہمت سے حل نہیں کریں گے تو نتیجہ کیا ہو گا؟ جیسے ہم کہتے ہیں تعصبات، تعصبات جناب والا! بالادستی کی وجہ سے پیدا ہوتے ہیں۔ جب ایک فرد یا ایک قوم دوسرے پر ظلم کرتا ہو۔ تو اس پر ردعمل یا reaction ہوتا ہے۔ پھر بحران پیدا ہوتا ہے۔ reaction ہوتا ہے۔ پھر بحران پیدا ہوتا ہے۔ اس لئے جناب والا! یہاں مسائل کے حل کے لئے مفاہمت کا رویہ۔ جرگے کا رویہ اختیار کرنا ہو گا۔ اور اگر ایسا نہ ہوا تو جناب والا! ہمارے ملک کے مسائل گھمبیر ہوں گے۔ یعنی مزید شدید ہوں گے اور بعد میں ہم ان کو حل نہیں کر سکیں گے۔ جناب والا! میں آپ کو مبارک باد دیتا ہوں۔ جناب آپ بڑے خوش ہوگئے ہیں۔ اور اقبال حیدر صاحب بڑے خوش ہوگئے ہیں۔ ہاتھ ہلا ہلا کر خوشی کا اظہار کر رہے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جناب میں نے دوسرے معزز ممبران کو بھی ٹائم دینا ہے..... ان کا بھی حق ہے۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل: جناب والا! میں آپ کا بڑا مشکور ہوں۔ اور تمام دوستوں کا کہ انہوں نے مجھے سنا۔ آپ کی بڑی مہربانی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: بڑی مہربانی جی۔ میں جناب ابراہیم خان سے گزارش کروں گا کہ وہ فلور لیں۔

جناب محمد ابراہیم خان: جناب چیئرمین صاحب شکریہ! آپ نے مجھے موقع دیا کہ مختصراً کچھ عرض کروں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: میں گزارش کرنا چاہوں گا کہ اختصار غالباً سب کے فائدے میں ہو گا۔ بڑی مہربانی۔

جناب محمد ابراہیم خان : میں بالکل مختصراً عرض کروں گا۔ اگر آپ توجہ فرمائیں۔ جناب والا! میں اپنی طرف سے اور اپنی پارٹی کے سینیٹروں کی طرف سے اور اپنی پارٹی اے این پی کی طرف سے جناب وسیم سجاد صاحب کو بحیثیت چیئرمین منتخب ہونے پر اور آپ کو ڈپٹی چیئرمین منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں ساتھ ہی ان نئے ممبران کو بھی مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ جنہوں نے آج اس معزز ایوان میں حلف اٹھایا۔ جناب والا! میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایوان بالا جو ہماری وفاقی مملکت کا صحیح نمائندہ ادارہ ہے - ہمارے چیئرمین صاحب اور ڈپٹی چیئرمین صاحب اس ایوان کے وقار کو حسب سابق برقرار رکھیں گے۔ اس لئے کہ سینٹ ہی اس مملکت کا حقیقی نمائندہ ادارہ ہے جناب عالی! آج جو حالات ہیں اس ملک میں آج ہی ہم نے انتخاب کیا چیئرمین صاحب کا اور ڈپٹی چیئرمین صاحب کا میں خوش ہوں کہ ہمارے وہ معزز فاضل دوست جن کو ووٹ کم ملے انہوں نے نہایت بردباری سے اس نتیجے کو قبول کیا۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس وسیع القلبی اور فراخدلی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ہماری فیڈرل گورنمنٹ صوبے کے معاملات میں مداخلت نہ کرے اور جو منتخب لوگ ہیں ان کو حکومت کرنے دیں۔ بہت افسوس کی بات ہے کہ جمہوری منتخب ادارے معطل ہوں اور ایک گورنر جو کسی کا نمائندہ نہیں ہے۔ میں یہ کہہ سکتا ہوں کہ وہ کسی کا نمائندہ نہیں ہے بلکہ وہ قائمقام ہے۔ میں نے پہلے بھی اسی سینٹ میں عرض کیا تھا کہ کوئی گورنر ہے ہی نہیں قائم مقام کہاں سے آگیا۔ ایک صدر نہیں ہے اس کا قائم مقام کہاں سے آتا ہے ایک گورنر نہیں ہے اس کا قائمقام کہاں سے آگیا اور ایسی صورت میں جب اس کی ملازمت کی معیاد بھی ابھی پوری نہیں ہوتی میں سمجھتا ہوں کہ یہ مصلحتیں اور یہ باتیں جو کسی صوبے میں انتشار اور خرابی کا باعث بنتی ہیں یہ ملکی سالمیت کے لئے نہایت خطرناک ہیں۔

جناب عالی! منتخب اداروں کی معطلی قابل افسوس ہے ساتھ ہی میں یہ بھی عرض کرنا چاہتا ہوں کہ کل جو واقعہ نسیم ولی خان پر فائرنگ کا ہوا وہ نہایت ہی شرمناک حرکت ہے ہمارے معاشرے میں ہماری روایت کے مطابق کسی عورت پر کوئی ہاتھ نہیں اٹھاتا نہ کوئی فائرنگ کرتا ہے اور ہمارے معاشرے میں نہ ہی کسی عورت کی دشمنی ہوتی ہے یہ کبھی نہیں ہوتا۔ یہ ایک مثالی بات ہے کہ ایک عورت پر فائرنگ کی جاتی ہے اس لئے کہ وہ سیاست کرتی ہے اور وہ اسمبلی میں کسی پارٹی کی منتخب پارلیمانی لیڈر ہے۔ جناب عالی! اگر حالات ایسے ہی خراب کئے جائیں تو اس کے نتائج سبھی کو معلوم ہیں کہ کیا ہو سکتے ہیں اس کے نتائج بہت ہی خطرناک ہو سکتے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس مملکت کی سالمیت کی واحد ضمانت ہی یہی ہے کہ صوبوں کے معاملات میں مداخلت نہ کی جائے۔ اور ان کو کلی خودمختاری دی جائے بلکہ جناب چیئرمین صاحب آپ تعجب کریں گے کہ بی بی سی سے تو خبر

آجاتی ہے کہ نسیم ولی خان پر فائرنگ ہوئی ہے کوئی زخمی ہوا ہے کوئی پکڑا گیا ہے لیکن ہمارے میڈیا پر کل 9 بجے تک میں سنتا رہا اتنی اہم خبر آئی ہی نہیں۔ آخر یہ کیا بات ہے۔ آپ سلیمان تاثیر کو ایک گھنٹہ ٹی وی پر دے سکتے ہیں۔ آپ زاہد سرفراز کو میڈیا پر ٹائم دے سکتے ہیں جس کا لاکھوں روپے کا بل بنتا ہے لیکن آپ اتنی سی خبر کہ کیا واقعہ ہوا ہے۔ میڈیا پر نہیں دے سکتے؟ اس کا مطلب ہے کہ آپ ایک صوبے کے ساتھ تعصب کرتے ہیں کہ فیڈرل حکومت ایک صوبے کے ساتھ تعصب کرتی ہے۔ تنگ نظری برتی ہے اور اس فیڈرل حکومت میں قوت برداشت نہیں ہے۔ اس میں وہ خوش نہیں ہیں کہ ایک صوبے میں دوسری پارٹی حکومت کرے۔

جناب عالی! آپ کی وساطت سے یہ چند ایسی باتیں تھیں جو میں کہنا چاہتا تھا ساتھ ہی میں اپنی پارٹی کے ممبران کی طرف سے اپنے مکمل تعاون کا یقین دلاتا ہوں تاکہ اس سینٹ کی کارروائی میں ہم آہنگی ہو اور یہ کارروائی وفاق کی روح کے مطابق چلے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ جناب۔ میں اب جناب مسعود کوثر صاحب سے گزارش کروں گا کہ وہ اپنے خیالات کا اظہار فرمائیں۔

بیرسٹر سید مسعود کوثر : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب ڈپٹی چیئرمین! میں اپنی طرف سے چیئرمین صاحب کو اور آپ کو مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ آج کے اس انتخاب میں ایک جمہوری طریقے سے آپ نے کامیابی حاصل کی ہے۔ درحقیقت دو وجوہات کی بناء پر میں مختصراً کچھ کہنے کی جرات کر رہا ہوں۔ میرا تو یہ خیال تھا کہ ہم سب لوگ نئے ممبران صاحبان ہیں اور اپنے پرانے ساتھیوں کے تجربے سے اور ان کی دانائی سے فائدہ اٹھائیں گے اور سیکھنے کی کوشش کریں گے۔ کیونکہ نئے ممبران صاحبان کو پرانے ممبران صاحبان نے خوش آمدید کہا اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ ہمارا بھی فرض ہے کہ ان کا شکریہ ادا کریں۔

آج کا یہ خصوصی اجلاس جو آئین اور قواعد کے مطابق صرف اور صرف چیئرمین اور ڈپٹی چیئرمین کے انتخاب کے لئے مختص ہے۔ اس میں اور کوئی آج بزنس نہیں ہوسکتا۔ یہ تعریفی کلمات کہنا ہماری روایت ہے جب انتخاب ہو جاتا ہے تو ہم جیتنے والے کو مبارکباد پیش کرتے ہیں اور اس میں ایسی باتیں نہیں اٹھاتے جس میں کہ دو رائے ہیں۔ مجھے امید تھی کہ ہمارے فاضل دوست جو کہ کافی تجربہ کارپارلیمنٹرین ہیں اس بات سے اجتناب کرتے۔ دو باتوں کا بالخصوص ذکر کیا گیا ہے۔ جناب والا! ہم صوبہ سرحد سے تعلق رکھتے ہیں اور ان روایات سے پوری طرح باخبر ہیں ہمیں بہت دکھ ہوا ہے۔ ہمیں بہت افسوس ہوا ہے۔ ہمیں بہت تشویش ہوئی ہے اپنی پارٹی کی سطح پر اور ہماری پارٹی کی قائد محترمہ بے نظیر بھٹو صاحبہ نے

جس تشویش کا اظہار ہم لوگوں کے سامنے کیا۔ پارٹی کی میٹنگ ہو رہی تھی جب ان کو یہ اطلاع ملی اور انہوں نے کہا اس کی جتنی بھی condemnation کی جائے کم ہے۔ ہم اس واقعہ کی پر زور مذمت کرتے ہیں۔ سیاستدان چاہے اس کا کسی بھی پارٹی سے تعلق ہو اس کے ساتھ ایسا نہیں ہونا چاہیئے۔ اور انہوں نے یہ بھی دعوت دی ہے کہ جس قسم کی انکوائری وہ کروانا چاہتے ہیں۔ جس قسم کے ادارے سے کروانا چاہتے ہیں۔ جس سطح پر بھی وہ عدالتی تحقیقات کروانا چاہتے ہیں ہم اس کے لئے پوری پوری کوشش کریں گے مگر یہ جو مجرمانہ حرکت ہے، یہ قابل مذمت حرکت ہے، ہم اس کی پوری مذمت بھی کریں اور ان ہاتھوں تک بھی جا پہنچیں گے جن ہاتھوں سے یہ کام سرزد ہوا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ میں یہ بھی توقع رکھوں گا کہ ایسے معاملات جو کہ انتہائی sensitive اور جذباتی قسم کے معاملات ہیں ان کی فوری طور پر ایسی تشریح یا توجیح نہیں کرنی چاہیئے جس سے کہ حالات کی سنگینی اور بڑھے بلکہ کوشش یہ کرنی چاہیئے کہ ایسے حالات کو سیاسی مقاصد کے لئے استعمال نہ کیا جائے کیونکہ اگر اس قسم کے معاملات کو سیاسی مقاصد کے لئے استعمال کیا جائے تو ہمیں اس بات کا اندیشہ ہے کہ صوبہ سرحد میں ہر شخص اپنی عزت اور دوسروں کی عزت کرنا جانتا ہے اور اگر ایسے واقعات ہوں تو اس کے نتائج بہت خراب ہو سکتے ہیں۔

جناب والا! ایک دوسری بات کی وضاحت میں اپنی پارٹی کے point of view سے کرنا چاہتا ہوں کہ صوبہ سرحد میں جن حالات کا ذکر کیا گیا ہے میں ....

[At this stage the Chair was vacated by the Deputy Chairman which was occupied by the Chairman (Mr. Wasim Sajjad)]

بیرسٹر سید مسعود کوثر: چند حقائق پیش کروں۔ جناب والا! ایک تو یہ تاثر دیا جا رہا ہے کہ صوبہ سرحد میں کسی ایک پارٹی کو اکثریت حاصل ہے۔ وہ اپنے طور پر کوئی حکومت بنا سکتے ہیں بہت مختصراً بیان کرنا چاہوں گا کہ جو صوبہ سرحد کی اسمبلی کی composition ہے اس میں، میں شاید ایک آدھ غلطی کر جاؤں 21 صاحبان جو ہیں ان کا تعلق اے این پی سے ہے۔ 24 کا تعلق پاکستان پیپلز پارٹی سے ہے 15 کا تعلق نواز شریف گروپ سے ہے 12 جو ہیں وہ آزاد امیدوار ہیں۔ اور جمعیت علماء اسلام فضل الرحمٰن گروپ کا ایک ، اور اس طرح اقلیتی ممبران صاحبان ہیں۔ اسی طرح سمیع الحق صاحب کے اور جماعت اسلامی کے چار ممبران صاحبان ہیں۔

جناب چیئرمین: میں جب چھوڑ کر گیا تو مبارکباد ہو رہی تھی۔ اب تو فرنٹیئر کی

صورتحال پر بحث ہو رہی ہے۔

بیرسٹر سید مسعود کوثر: جناب ہم تو آپ کو مبارکباد دینے کے لئے آئے تھے لیکن یہاں پر تجربہ کار ممبران نے controversial باتیں شروع کردیں۔

جناب چیئرمین: میرے خیال میں موقع نہیں ہے کہ ایسی باتیں شروع کی جائیں۔

بیرسٹر سید مسعود کوثر : صحیح ہے۔ اور میں اس کی وضاحت اس لئے کرنا چاہتا ہوں کہ فلور آف دی ہاؤس میں یہ بات لائی گئی ہے اور اگر یہ لائی نہ گئی ہوتی تو شاید ضرورت نہ پڑتی۔ لیکن اتنے معزز ایوان کے ریکارڈ میں، اسی باتیں کی گئی ہیں اس لئے مختصراً میں یہ کہوں گا کہ صوبہ سرحد میں بھی جمہوریت کے مختلف ادارے اپنا اپنا رول ادا کریں گے۔ جناب والا! جب تک آپ ایک non-partisan ایک impartial ایک quasi-judicial officer اپنے فرائض انجام دیتے رہے گے آپ کی تعریف ہوتی رہے گی۔ چاہے وہ اپوزیشن والے ہوں چاہے وہ گورنمنٹ والے ہوں۔ لیکن اگر خدانخواستہ آپ اپنے عہدے کے تقدس کو برقرار نہ رکھیں گے اگر آپ نے صرف ایک سائیڈ کا ساتھ دینا شروع کر دیا تو اس سے یہ ادارہ نہیں چل سکے گا۔ مجھے بڑا افسوس ہے اور یہ دکھ کی بات ہے کہ صوبہ سرحد کی اسمبلی جو کہ ایک مثالی اسمبلی ہے وہاں کے اسپیکر صاحب نے اتنا partisan قسم کا attitude اختیار کیا ہے۔ انہیں نے آئین کی اس قدر floutation شروع کر دی۔ انہوں نے ایسی باتیں شروع کر دیں جس کی وجہ سے صوبہ سرحد میں سوائے آرٹیکل 234 کے نفاذ کے اور کوئی چارہ نہ تھا۔

جناب چیئرمین: میرے خیال میں ان چیزوں کے لئے آج مناسب وقت نہیں ہے۔

بیرسٹر سید مسعود کوثر: جناب آپ نہیں تھے آپ کی غیر موجودگی میں ایسی باتیں اسی ہاؤس میں کی گئی۔

جناب چیئرمین: اب جو گیا وہ ہوگیا، میرے خیال میں آج یہ موقع نہیں ہے اور کسی مناسب موقع پر اس صورت حال پر مکمل بحث کروائیں گے۔ تو پھر یہ آپ کی بات سنیں گے۔ کس نے آئین کی دھجیاں اڑائیں کس نے ان کو جوڑ دیا۔

بیرسٹر سید مسعود کوثر: میں جناب آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ اور آپ کو

مبارکباد پیش کرتا ہوں- اور یہ صرف اس ریکارڈ کی وضاحت تھی- بہت مہربانی بہت شکریہ!

جناب چیئرمین: کون کون رہ گیا ہے ڈاکٹر صاحب اور کافی حضرات رہتے ہیں- حافظ حسین احمد صاحب یہ کام کیسے ہوں گا پھر- جی جناب حافظ صاحب-

No controversial issues to be discussed today.

اس کے لئے موقع آئے گا پھر کھل کر بات کریں- جی کھانے کا بھی ٹائم ہو رہا ہے مجھے بتائیں کیا کریں- میرا خیال ہے دو دو منٹ آپ بات کریں-

جناب حافظ حسین احمد: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، جناب چیئرمین صاحب! اگرچہ آپ ہمارے امیدوار نہیں تھے- پھر بھی میں آپ کو مبارکباد پیش کرتا ہوں اور خصوصی طور پر جو آپ نے ہیٹرک مکمل کی ہے تیسری بار اس کے لئے اور یقیناً ہم سمجھتے ہیں کہ اس ایوان میں ہمارے بڑے محترم بزرگ بھی تشریف لائے ہیں- نوجوان بھی ہیں تو میں یہی گزارش کروں گا کہ یہ چاروں صوبوں کی اکائیوں کا ایک گلدستہ ہے- جس میں آدھے پھول نئے آئے ہیں- بہرحال میں مندوخیل صاحب کی طرح جغرافیائی حالات اور صوبہ سرحد کے حالات بیان نہیں کر رہا ہوں- کیونکہ ابھی تک تو ہم صرف وہی حساب کر رہے ہیں کہ کتنے ووٹ ہمیں ملے کتنے کیوں ہمیں نہ ملے- انشاء اللہ ان معاملات پر پھر بحث کریں گے- جہاں تک میرے برادر محترم میر عبدالجبار صاحب کا تعلق ہے- میں ان کو بھی دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں- یقیناً ایک چھوٹے صوبے سے جتنی بھی نمائندگی ملے اسے ہم غنیمت سمجھتے ہیں- لیکن ہوتا یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ حالات اس قسم کے پیدا فرماتے ہیں کہ نہ پیپلز پارٹی کو اکثریت ہوتی ہے اور نہ نواز گروپ کو- تو پھر ہمارا کچھ کام چل جاتا ہے- کہیں کسی کو چیئرمین کے لئے کھڑا کرتے ہیں اور کہیں کسی کو ڈپٹی چیئرمین کے لئے- بہرحال جو بھی ہوتا ہے اس پر بھی ہم صابر و شاکر ہیں- میں ایک بار پھر آپ کا مشکور ہوں اور امید رکھتا ہوں کہ آپ اپنی روایات کو برقرار رکھیں گے- اور ہمارے اوپر اسی طرح دست شفقت برقرار رکھیں گے-

جناب چیئرمین: انشاء اللہ- جاوید مینگل صاحب، یہ نوجوان رکن ہیں میرے خیال میں ان کو موقع دیا جائے-

جناب جاوید مینگل: جناب چیئرمین ! میں آپ کو اور جناب میرعبدالجبار صاحب کو اپنی طرف سے اور اپنی پارٹی کی طرف سے مبارکباد پیش کرتا ہوں- جناب چیئرمین! چونکہ میرا تعلق ایک پسماندہ صوبے بلوچستان سے ہے اور بلوچستان کے مسائل سے آپ واقف ہونگے، یہ

ہزاروں ہیں۔ اس لئے میں یہ امید رکھونگا کہ اس ایوان میں صوبے کی پسماندگی دور کرنے کے لئے مجھے ہر وقت موقع دیا جائے گا۔ اور ایک بات میں مندوخیل سے کہوں گا کہ ایک مثال ہے کہ الٹا چور کوتوال کو ڈانٹے۔ ایک مرتبہ پھر میں آپ کو اور ڈپٹی چیئرمین میر عبدالجبار صاحب کو اپنی طرف سے اور اپنی پارٹی کی طرف سے مبارکباد پیش کروں گا۔

جناب چیئرمین: شکریہ جناب فضل آغا صاحب۔

انجنیئر سید محمد فضل آغا: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، شکریہ جناب چیئرمین! آج ایک خوشی کا موقع ہے کہ جمہوری عمل کی ایک اور سیڑھی ہم نے طے کی ہے اور بڑی خوشی کی بات ہے کہ بڑی خوش اسلوبی سے، گو کہ سینٹ کے الیکشن شروع ہونے سے پہلے جو بھی ہوتا رہا ہے وہ ہم سب کے نوٹس میں ہے اور ہم امید رکھتے ہیں کہ آئندہ اس قسم کی باتوں کا اعادہ نہ ہو گا اور اس سے بھی زیادہ smooth ہو گا اس بات کی خوشی ہے کہ ووٹنگ بڑی پرفضا ماحول میں ہوئی ہے اور اس سلسلے میں جو بھی نتائج سامنے آئے ہیں اپوزیشن نے اور سرکار نے بھی بڑے اچھے انداز میں لے لئے ہیں۔ ساتھیوں سے ہم نے تقاریر سنیں۔ اس موقع پر آپ کو یہ ہیٹ ٹرک مکمل کرنے پر میں ایک بار پھر مبارکباد دیتا ہوں۔ اور سمجھتا ہوں کہ آپ صحیح معنوں میں اس کرسی اور عہدے کے مستحق تھے اس لئے کہ بعض اوقات ہم سے دوستوں نے یہ سوال کیا ہم نے کہا کہ بھئی کوئی امیدوار سامنے لایا جائے تو ہم conscious کا ووٹ دیں گے۔ انہوں نے پوچھا کہ کس قسم کا ہو تو ہم نے آپ کا نام اور معراج خالد صاحب کا نام بطور خاص لیا۔ میں نے کہا کہ اس قسم کی personality ہو کیونکہ ان Institutions میں ہمارا 9 سال کا خون پسینہ ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ ملک کے وقار، جمہوریت کی بحالی میں سینٹ کا بڑا ہاتھ ہے گو کہ شروع سے اس کو غیر جماعتی سینٹ کہا گیا ہے اور کہیں کہیں الفاظ سے اس کو استعمال کیا گیا ہے۔ لیکن ریکارڈ موجود ہے کہ اس ہاؤس اور سینٹ کی جو کارروائی ہے اس پر ہر ممبر کو چاہے وہ اب ہم میں نہ ہو اور جو حضرات اب نئے آئے ہیں ان سب کو بجا طوراس پر فخر ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ پوری قوم کو اس پر فخر ہونا چاہیئے۔ یہ واحد ادارہ ہے۔ میں سر! آپ کو مبارکباد دینے کے بعد جناب میر عبدالجبار صاحب کو جو ہمارے محترم ساتھی بھی ہیں ہمارے عزیز بھی ہیں، ہمارے پسماندہ صوبے سے تعلق بھی رکھتے ہیں اور ان کی سروسز بھی ہیں۔ اور انہوں نے سینٹ میں تین سال بھی جس طرح گزارے ہیں ان کا بھی اس عہدے کے لئے بالکل صحیح انتخاب تھا اور مجھے خوشی ہے کہ ان کو بھی کامیابی ہوئی ہے۔ میں آپ کی موجودگی سے اور فلور سے فائدہ اٹھاتے ہوئے تمام ان معزز اراکین کو جو آج سے ہمارے اس ہاؤس میں ساتھی بنے ہیں خوش آمدید کہتا ہوں اور امید رکھتا ہوں کہ اس ہاؤس کو جس طرح ہم

نے مل جل کر چلایا ہے، اس ہاؤس نے بڑے بڑے ادوار دیکھے ہیں ہم نے کیئر ٹیکرز بھی دیکھے ہیں ہم نے نواز شریف صاحب کی حکومت بھی دیکھی ہے، ہم نے محترمہ بے نظیر بھٹو صاحبہ کی حکومت بھی دیکھی ہے ہم نے جونیجو صاحب کا دور دیکھا ہے۔ ہم نے کچھ عرصہ ضیاء صاحب کے دور میں بھی کام کیا ہے لیکن اس سینٹ کا اپنا ایک مخصوص انداز رہا ہے اور ہمہ وقت ہماری نظر ہمیشہ قومی مسائل پر رہی ہے۔ اور یہاں پر ہم نے جب بھی تنقید کی ہے تو ملکی مفاد میں کی ہے۔ کبھی کوئی partisan role play کرنے کی کوشش نہیں کی ہے۔ وہ معزز اراکین جو اس سینٹ میں تشریف لائے ہیں ان سے بھی یہ گزارش ہے کہ اس ماحول کو جس پر ہم سب کو فخر ہے برقرار رکھیں اس سلسلے میں ہمارے جو ساتھی یہاں سے چلے گئے ہیں ان کی بھی بڑی گرانقدر خدمات ہیں۔ اس سے چشم پوشی کرنا مناسب نہیں ہو گا۔ میں ان کو بھی خراج تحسین پیش کرتا ہوں کہ ان کے تجربے سے بھی ہم نے بڑا فائدہ اٹھایا ہے اور آئندہ کے لئے بھی ہم سب مل جل کر ایک فیملی کی طرح، ایک گھر کی طرح ملکی مفادات کو سامنے رکھتے ہوئے، موجودہ حالات جو ملک کے تمام صوبوں میں ہیں، جو سندھ میں حالات ہیں، جو فرنٹیئر میں حالات ہیں، جو پنجاب میں ہو رہے ہیں ان کو مدنظر رکھتے ہوئے، کشمیر کو مدنظر رکھتے ہو، ہندوستان کے ساتھ تعلقات جس طرح ہیں ان کو مدنظر رکھتے ہوئے، اور افغانستان کے جو حالات ہیں ان کو سامنے رکھتے ہوئے partisan role سے باہر ہو کے ملکی مفاد کے لئے کام کریں تاکہ اس ایوان سے ملک اور عوام کو جو امیدیں وابستہ ہیں ہم ان کو بار آور کر سکیں اور جمہوریت کی راہ کو مزید استوار کر سکیں اور ملک کی پسماندگی دور کرنے کے لئے عوام کی بجا طور پر خدمت کر سکیں۔ اس ملک میں اس وقت جو بدحالی ہے خاص کر نااہلی اور کرپشن اور بدعنوانی کی طرف میں تمام حضرات کی توجہ دلاؤں گا کہ جب تک اس ملک سے ہم بدعنوانی کو دور نہیں کریں گے ہم اپنی اصلاح کبھی نہیں کر سکیں گے۔ ہم عوام کی صحیح معنوں میں خدمت نہیں کر سکیں گے۔ اس کے ساتھ میں آپ کا اور تمام معزز اراکین کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین: راشدی صاحب۔

جناب حسین شاہ راشدی: محترم چیئرمین! اس معزز اور مقتدر ایوان کے نئے ممبر کی حیثیت سے مجھے یہ افتخار حاصل ہے کہ میں آپ کو اس عہدہ جلیلہ پر منتخب ہونے اور فائز ہونے پر تہہ دل سے مبارک باد پیش کروں۔ ساتھ ہی میں جناب میر عبدالجبار صاحب کو بھی مبارک باد پیش کرتا ہوں جن کو اس معزز ایوان نے اکثریت کے ساتھ چنا ہے۔ جناب والا! آپ جانتے ہیں کہ انتخاب ہندوسوں کا کھیل ہے۔ اس میں کبھی کوئی رنجش اور جذبات کا عمل دخل نہیں ہونا چاہیئے۔ آج یہ چیز واضح ہوگئی کہ ہم نے انتہائی متانت، سنجیدگی اور

خاموشی سے ایک بڑا صاف ستھرا کھیل کھیلا ہے اور یہ حکومت کی بھی وسیع القلبی ہے اور محترمہ بینظیر صاحبہ کی فراخ دلی ہے کہ انہوں نے آپ جیسی شخصیت کے پاس بنفس نفیس چل کر مبارک باد پیش کی یہ جمہوریت کے لئے ایک نہایت اچھی روایت ہے۔

جناب والا! آپ کی دانش آپ کی متانت آپ کی شرافت آپ کی سنجیدگی اور آپ کی غیر جانبداری کا شہرہ ہم ایوان سے باہر سنتے آئے تھے اب ہمیں ایک موقع ملا ہے کہ ہم آئندہ تین سال آپ کے سایہ عاطفت میں گزاریں گے۔ مجھے یقین ہے کہ ایوان سے باہر جو آپ نے شہرت پائی ہے اور ایوان کے اندر جن جذبات کا اظہار کیا گیا ہے آپ اس پر پورے اتریں گے۔ حالانکہ آپ کو مبارک باد دی گئی آپ نے ہیٹرک مکمل کی ہے جوایک بہت ہی باعث افتخار بات ہے۔ مگر کبھی کبھار لمبے عرصے تک ایک ہی عہدے پر فائز رہنا مضر اثرات بھی چھوڑتا ہے۔ مگر مجھے یقین ہے کہ آپ اس سے ایک exception ثابت ہوں گے۔ اس طرح جناب عبدالجبار صاحب جن کا تعلق بلوچستان سے ہے مجھے یقین ہے کہ وہ بھی جب آپ کی کرسی پر وقتی طور پر بیٹھیں گے اور اس ایوان کی کارروائی، چلائیں گے تو اسی غیر جانبداری کا مظاہرہ فرمائیں گے جس کی کہ آپ شہرت رکھتے ہیں۔ مجھے بڑی خوشی ہوئی کیونکہ جب عبدالجبار صاحب منتخب ہوئے تو انہوں نے انتہائی انکساری کے ساتھ شکریہ ادا کیا اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ ان کی ایک دلربا ادا تھی جو بذات خود جمہوریت کے لئے بہترین ثابت ہو سکتی ہے۔ میں جناب منظور گچکی صاحب اور میاں رضا ربانی صاحب کو بھی مبارک باد پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے بڑے حوصلے کے ساتھ، بڑے تدبر اور تحمل کے ساتھ ان نتائج کو قبول کیا ہے کیونکہ یہی اصل جمہوریت کی روح ہے بلکہ وہ اس لئے بھی قابل مبارکباد ہیں کہ انہوں نے جمہوری روایات کو برقرار رکھنے کے لئے ایک کھیل کھیلا جو کہ بالکل صاف ستھرا تھا کہیں سے بھی کوئی شکایت نہیں ہوئی کہ کسی طرف سے بھی زیادتی نہیں ہوئی اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایوان بالا جو ہمارے پارلیمانی نظام کے سب سے اوپر ہے اس میں جو روایات قائم ہو رہی ہیں انشاء اللہ وہ زیادہ مستحکم ہوں گی شکریہ۔

جناب چیئرمین : شکریہ جی۔ جناب ظفر صاحب۔

Mr. Muhammad Zafar: Thank you, Sir.

Sir, I rise to welcome you to this highest office and I fully associate with the feelings expressed by the previous leaders about your qualities of head and heart and your success is certainly a

tributed to your record. And so is the election of Mir Abdul Jabbar as Deputy Chairman. He has been elected by this House. I am sure, an his own record for having been here for three years with you.

Sir, I am also grateful to those who have expressed their good wishes and kind feelings for the newly elected Senators here. What I have heard during the past couple of hours, I find Sir, that there are going to be very difficult times ahead had and that may require actually a greater sense of statemanship which I hope will not be lacking. With these words, I congratulate you as well as Mr. Jabbar and I welcome you.

Thank you very much, Sir.

Mr. Chairman: Thank you. Anwar Bhindar Sahib.

چوہدری محمد انور بھنڈر : جناب چیئرمین! میں آپ کو اس عہدہ جلیلہ پر متمکن ہونے اور منتخب ہونے پر دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں اور جناب میر جبار صاحب کو بھی مبارک پیش کرتا ہوں۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ مبارک آپ کی اس کارکردگی کا نتیجہ ہے جو آپ نے بحیثیت چیئرمین سینٹ پچھلے سالوں میں دی اور اس ایوان کی خدمت کی۔ اس ایوان میں دکھائی۔ جس جواں ہمتی غیر جانبداری ، اور تدبر سے اور جس قابلیت سے آپ نے اس ایوان کو چلایا آج آپ کو اس کا صلہ ملا ہے کہ اس ایوان نے آپ کو ایک شاندار کامیابی سے ہمکنار کیا اور تمام دوستوں نے آپ کو ووٹ دے کر کامیاب بنایا۔ مجھے یہ عرض کرنے کی اجازت دیں کہ میں تو اسی جماعت سے، اور اسی پارٹی سے تعلق رکھتا ہوں جس سے آپ تعلق رکھتے تھے اوز مجھے خوشی اور فخر ہے کہ آج آپ اس عہدہ جلیلہ پر متمکن ہوئے ہیں لیکن اب ہمارے فاصلے کچھ زیادہ ہو جائیں گے۔ آپ چیئرمن کی حیثیت سے اس ایوان میں ایک غیرجانبدر جج کی حیثیت رکھتے ہیں اور آپ غیرجانبدا. ہوتے ہوئے تمام ایوان کے چیئرمین ہیں آپ نے اس ایوان کے (دونوں طرف کے) حقوق کو مدنظر رکھنا ہے اور، میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ عہدہ بہت کٹھن ہے۔ اس کی ایسی مجبوریاں ہیں اور اس کی ایسی مشکلات ہیں جو صرف وہی شخص جانتا ہے جو اس عہدہ کا حامل ہوتا ہے چونکہ میں آپ کو بڑی دیر سے بحیثیت وکیل بھی جانتا ہوں، بحیثیت دوست بھی جانتا ہوں، بحیثیت ایک چیئرمین کے بھی جانتا

ہوں اس لئے مجھے کامل توقع ہے کہ آپ کی رہنمائی میں اور آپ کی سربراہی میں انشاء اللہ یہ ایوان اپنے فرائض بڑے احسن طریقے سے سرانجام دے گا یہ سارے وفاق کی علامت ہے آپ کی سربراہی میں اور انشاء اللہ آپ کی رہنمائی میں ہم سب لوگ مل جل کر افہام و تفہیم کی فضا پیدا کر کے ایک دوسرے کو برداشت کرنے کی فضا پیدا کر کے باہمی مسائل کو الجھانے کی بجائے سلجھانے کی فضا پیدا کر کے انشاء اللہ پاکستان کی پوری پوری خدمت سرانجام دیں گے۔ میں وقت کی قلت کی وجہ سے بات مختصر کرتے ہوئے ایک بار پھر آپ کا شکریہ ادا کر کے اجازت چاہوں گا۔

جناب چیئرمین : ڈاکٹر عبدالحئی صاحب۔

ڈاکٹر عبدالحئی : جناب چیئرمین! میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے وقت عنایت کیا۔ اس سے قبل کہ میں کچھ گزارشات عرض کروں میں ضروری سمجھتا ہوں کہ بحیثیت چیئرمین آپ کو اور ڈپٹی چیئرمین صاحب کی حیثیت سے میر عبدالجبار صاحب کو اس معزز ایوان کے اہم عہدوں پر منتخب ہونے پر اپنی طرف سے اور اپنی پارٹی بلوچستان نیشنل موومنٹ کی طرف سے دلی مبارکباد پیش کروں اور یہ حقیقت ہے کہ آپ کا بحیثیت چیئرمین تیسری بار یہاں منتخب ہونا آپ کی ان خدمات کا اعتراف ہے جو آپ نے اس sovereign ایوان کے کسٹوڈین کی حیثیت سے اور چیئرمین کی حیثیت سے جمہوریت اور اداروں کے استحکام کے لئے انجام دی ہیں۔ جو آپ نے کردار ادا کیا ہے یہ اس کا اعتراف ہے کہ آپ کو اتنی واضح اکثریت سے کامیابی حاصل ہوئی ہے۔ جہاں تک میرا تعلق ہے میں اپنی پارٹی کے فیصلوں کے مطابق آپ کی شخصیت سے آگاہ ہونے کے باوجود آپ کی کوئی مدد نہیں کر سکا اور ایک طبقے کے حوالے سے بھی آپ کی کوئی مدد مجھ سے نہیں ہو سکی البتہ آپ کی خدمات کا اعتراف خود اس بات کی دلیل ہے کہ مستقبل میں یہ معزز ایوان جو ہے وہ تمام قومی وحدتوں کے مفادات کا نگہبان ہو گا اور آپ کی سرپرستی میں آپ کی سربراہی میں پورا ایوان ایک اہم رول ادا کرے گا خاص طور پر جمہوریت جمہوری اداروں کے استحکام اور ملک کی سیاست میں اچھی روایت کے حوالے سے جیسا کہ بہترین روایت کسی بھی جمہوری ملک میں جمہوری معاشرے میں حزب اقتدار اور حزب اختلاف کے درمیان ہونی چاہیئے۔ جو بدقسمتی سے اس وقت موجود نہیں ہے۔ اچھی روایات کے لئے حزب اختلاف اور حزب اقتدار میں اچھے روابط اور اچھے تعلقات کے لئے اور قومی وحدتوں کی مجموعی معاشی، سیاسی، ثقافتی، خودمختاری کے مفادات ان کے وسائل، اختیارات کی حاکمیت کے لئے یہ معزز ایوان اپنا بھرپور رول اور کردار ادا کرے گا۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ ہمارا ملک مسائلستان ہے اور یہاں آئینی مسئلے سے لے کر جمہوری اداروں کی مضبوطی تک یا جمہوریت کی جڑیں مضبوط کرنے کی بات تک قومی وحدتوں کے اختیارات اور حاکمیت کے بات ان کے مسائل و مشکلات ان کی اقتصادی خوشحالی کی بات بالخصوص یہ ایک اہم تاثر ہے ہمارے ملک کے اندر کہ ایک کثیر القومی ملک ہونے کے باوجود یہاں بھرپور انداز سے چھوٹی قومی وحدتوں کو main stream میں قومی اختیارات کے جو ادارے ہیں ان میں ان کی کوئی شرکت نہیں ہے۔ وہ اپنے آپ کو اس طرح سے محسوس کرتے ہیں کہ وہ اس ملک کے اندر ایک محکوم اور رعیت قوم ہیں۔ وہ سمجھتے ہیں کہ ملک کے معاملات میں انہیں کوئی عمل دخل حاصل نہیں ہے بلکہ اس حد تک وہ بات کرتے ہیں کہ ہمیں دوسرے درجے کا شہری تصور کیا جاتا ہے۔ یہ ایسی مشکلات ہیں جو میں سمجھتا ہوں کہ ایک مسلسل سیاسی عمل کے ذریعے، جمہوری عمل کے ذریعے دور کی جا سکتی ہیں۔ یہاں اقتصادی ناہمواری ہے معاشی ناہمواری ہے، قوموں کے درمیان برابری کا رشتہ ہے، باہمی اعتماد، رواداری، محبت کے رشتے ہیں اور یہ تاثر قائم کرنے کی ضرورت ہے کہ ایک قوم کی دوسری قوموں پر بالادستی نہیں ہے۔ اس کے لئے طویل جدوجہد کی ضرورت ہے اور ماضی میں بھی جدوجہد ہوتی رہی ہے۔ میں سمجھتا ہوں ان تمام مصائب کا حل چاہے وہ معاشی ہوں، سیاسی ہوں، آئینی مسئلے ہوں، قانون کی بالادستی کا مسئلہ ہو، امن و انصاف کا مسئلہ ہو، عدلیہ کی آزادی کا مسئلہ ہو، پریس کی آزادی کا مسئلہ ہو، مہنگائی، بیروزگاری، بھوک افلاس، جہالت کے مسائل ہوں یا وہ قومی وحدتیں جو عرصہ دراز سے نظرانداز ہیں ان کی خوشحالی کا مسئلہ ہو، یا بالخصوص بلوچستان میں انفراسٹرکچر کی فراہمی کا مسئلہ ہو، یا خصوصی طور پر ہمارے ملک سے اور بالخصوص بلوچستان سے افغان مہاجرین کا فوری اور مکمل انخلاء کا مسئلہ ہو۔ ان تمام مسائل کا میں سمجھتا ہوں علاج جمہوریت ہے اور جمہوری اداروں کے استحکام میں ہے اور اسی لئے ہم سمجھتے ہیں کہ بحیثیت ایک سیاسی کارکن کے اور اس معزز ایوان کے ایک رکن کی حیثیت سے ہم سب کا یہ فرض بنتا ہے کہ ہم ملک کے اندر جمہوریت اور جمہوری اداروں کے استحکام اور جمہوریت کی جڑوں کو مضبوط کرنے کی بات کریں اور ایسے حالات پیدا کریں اور ایسا ماحول پیدا کرنے میں ہر سیاسی کارکن کو بالخصوص معزز ایوانوں میں بھیجے گئے ارکان کو ایک ایسا کردار ادا کرنا چاہیئے، چاہے وہ حزب اختلاف کے ساتھ ہوں چاہے وہ حزب اقتدار کے ساتھ ہوں جو اچھی روایات ہیں جمہوریت کے جو بہترین اصول ہیں پارٹی سیاست ہے ان سب کو تقویت دیں اور یہ جو لوٹے کا لفظ بدقسمتی سے ہمارے ملک میں استعمال ہوتا ہے اس سے اجتناب کریں اس سے جان چھڑائیں کوئی ایسا معاشرہ بنائیں جس میں پارٹی سیاست ہو پارٹی سسٹم کو تقویت ملے۔ میں سمجھتا ہوں کہ پارٹی سیاست اور پارٹی سسٹم کو اس وقت تقویت ملے گی جب معزز ایوان کے تمام ارکان اپنی ذمہ داریوں کو محسوس کریں گے اور ظاہر ہے اس سے بڑا اور رتبہ اور عزت ہمارے عوام ہمیں کیا دے سکتے ہیں کہ وہ ہمیں اپنی تائید اور حمایت سے ان معزز ایوانوں میں بھیجتے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ

یہ ہمارے لئے بہت بڑا اعزاز ہے انہی الفاظ کے ساتھ میں آپ کا مزید وقت نہیں لوں گا صرف اتنا آخر میں گزارش کروں گا کہ ان امیدواروں نے جو ناکام ہوئے جس جمہوری جذبے کے تحت اور فراخدلی کے تحت اپنی شکست قبول کی یہ بھی ایک اچھی روایت ہے اور میں امید کرتا ہوں کہ ہمارے معزز ایوان کے تمام ممبران آپ کی سربراہی میں انشاء اللہ اس ملک کے اندر جمہوریت، جمہوری اداروں کے استحکام اور سیاست میں اچھی روایت اور بہترین حزب اقتدار اور حزب اختلاف کے جو رشتے ہیں ان کو مضبوط کرنے میں ان کو قریب لانے میں اور ان کے تضادات کو کم کرنے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔ میں آپ کا آخر میں ایک بار پھر شکریہ ادا کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین : ساجد میر صاحب بس ایک ایک منٹ تبھی بات بنے گی۔

پروفیسر ساجد میر : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! آپ کو اور ڈپٹی چیئرمین کو ان کے عہدے پر منتخب ہونے پر میں مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ میں سمجھتا ہوں کہ آپ کی کامیابی نہ صرف ان پارٹیوں کی کامیابی ہے جنھوں نے آپ کو سپورٹ کیا ہے بلکہ یہ آپ دونوں کی ذاتی خوبیوں کے لئے ایک خراج تحسین ہے جو ہاؤس نے آپ کو پیش کیا ہے اور سب سے بڑھ کر میرے نزدیک آپ دونوں کی کامیابی جمہوریت کی اور جمہوری عمل کی کامیابی ہے اس لئے کہ میرے علم و اطلاع کے مطابق اور میں سمجھتا ہوں کہ میرے باقی تمام ساتھیوں کے علم و اطلاع کے مطابق یہ انتخاب بڑے ہی صاف ستھرے اور صحیح اور جمہوری انداز میں ہوئے ہیں اور اس میں ہارس ٹریڈنگ یا اس قسم کی کوئی خرابی پیدا نہیں ہوئی۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر یہی روایات ہم پورے ملک اور صوبوں میں قائم کریں تو ہماری سیاسی روایات مستحکم ہو سکتی ہیں، صحت مند ہو سکتی ہیں اور آئندہ کے لئے ہم بہتر بنیادیں اپنے سیاسی عمل کے لئے قائم کر سکتے ہیں اور میں اس لئے بھی آپ دونوں کی کامیابی کو جمہوری عمل کی کامیابی اور جمہوریت کی کامیابی قرار دیتا ہوں کہ جمہوریت کے سفر میں بدقسمتی سے ہم ابھی اس منزل تک نہیں پہنچے جہاں ملک کے تمام جلیل القدر اور بڑے مناصب ایک ہی پارٹی کی جھولی میں ڈال دیئے جائیں خاص طور پر جبکہ ایسی کسی پارٹی کا سیاسی اور جمہوری ریکارڈ disputeable ہو ہمارے جمہوری سفر میں مناسب یہی ہے کہ چیک اینڈ بیلنسز کا نظام ہم قائم کریں اس کی حوصلہ افزائی کریں اور میں سمجھتا ہوں کہ آج کا یہ انتخاب اس سلسلے میں ایک بہت بڑا قدم اور سنگ میل ثابت ہو گا۔

جناب والا! یہاں ہاؤس کی بہترین روایات کا ذکر کیا گیا ہے میں اتفاق کرتا ہوں کہ اس ہاؤس میں آنے سے پہلے جہاں تک مجھے ہاؤس کی روایات کا علم ہے اس ہاؤس نے واقعتاً

بڑی اچھی اور صحت مند روایات قائم کی ہیں لیکن میں یہ کہنے کی جسارت کرتا ہوں کہ جب مجھے ایک نئے ممبر کی حیثیت سے ہاؤس کے بزنس کی ایک طویل فہرست دی گئی تو مجھے قدرے مایوسی ہوئی، میں نہیں جانتا کہ کچھ عرصے کے بعد معذرت سے عرض کروں گا کہ میں بھی کانِ نمک میں جا کر نمک بن جاؤں گا لیکن بہرحال اس وقت میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ 87ء کی 89ء کی اور 90ء سے جو بزنس پینڈنگ ہے اس کو پورا کرنا اور اس کو پایہ تکمیل تک پہنچانا ہم سب کا یہ فریضہ ہے اور قائد ایوان نے آپ کو جو گورنمنٹ کی طرف سے سپورٹ کرنے کا یقین دلایا ہے میں سمجھتا ہوں سب سے بڑی سپورٹ ان کی یہ ہو گی کہ وہ پینڈنگ بزنس جو ہے اور اس کے علاوہ جو day to day ہمارے پاس ملکی مسائل آئیں گے ان کو ہم قانون سازی کی حد تک اور سینٹ کی ذمہ داریوں کی حد تک پایہ تکمیل تک پہنچانے کی کوشش کریں۔

اس کے ساتھ ہی آخر میں، میں یہ گزارش کروں گا کہ قائد ایوان نے نیشنل consensus کی طرف جو توجہ دلائی ہے وہ بڑی اہم اور ضروری بات ہے اور انہوں نے یہ بات کرتے ہوئے پورے ہاؤس کی ترجمانی کی ہے بلکہ میں یہ کہوں گا کہ پوری قوم کی ترجمانی کی ہے۔ اس وقت ہمیں مفاہمت کی ضرورت ہے ان قومی مسائل پر جو ہم سب کے نزدیک اہم ہیں۔ کشمیر کے مسئلے پر، ہمارے ایٹمی پروگرام، ہماری بنیادی معاشی پالیسی پر، افغانستان کے سلسلے میں، اسلامی نظریے کی تکمیل اور اسلام کے نفاذ کے سلسلے میں جو ہمارے متفق علیہ مسائل ہیں کم از کم ان کے سلسلے میں ہمیں مل کر اور مفاہمت کے ساتھ چلنا چاہیئے اور میں سمجھتا ہوں کہ مفاہمت پیدا کرنے اور مفاہمت کا ماحول پیدا کرنے کی سب سے زیادہ ذمہ داری حکومت پر عائد ہوتی ہے۔ اس سلسلے میں، میں اپنی بات کو ختم کرتے ہوئے یہ گزارش کروں گا کہ دو چیزیں ضروری ہیں۔ ایک تو یہ ہے کہ باہمی اعتماد کی فضا پیدا کی جائے۔ یہ روایت ختم ہونی چاہیئے کہ جب مسلم لیگ کو یا پیپلز پارٹی کو اے این پی یا ایم کیو ایم کے ووٹوں کی ضرورت پڑے تو ان کے ووٹ پاک ہو جاتے ہیں اور جب ان کے ووٹوں کی ضرورت نہیں ہوتی یا ان کے ووٹ نہیں ملتے تو انہیں وہ غدار اور غیر محب وطن قرار دیتے ہیں۔ اس روایت کو ختم کرنا چاہیئے۔ بہت بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین : پراچہ صاحب۔

جناب احسان الحق پراچہ : جناب چیئرمین! میں صرف ایک منٹ لوں گا زیادہ وقت نہیں لوں گا۔ مجھے احساس ہے کہ وقت کی کمی ہے اور آپ نے کھانے پر بھی تشریف لے جانا ہے۔ جناب چیئرمین! میں اس ایوان بالا کا تیسری بار چیئرمین منتخب ہونے پر آپ کو

مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ حالیہ الیکشن کے pattern نے یہ ثابت کیا ہے کہ جہاں اس ایوان میں سیاسی جماعتوں نے آپ کو سپورٹ کیا وہاں آپ کی ذات کا آپ کے سابقہ کردار کا بھی بہت بڑا ہاتھ ہے۔ اور یہ کامیابی جہاں سیاسی جماعتوں کی کامیابی ہے وہاں آپ کی ذاتی کامیابی بھی ہے۔ میں اس موقع پر جناب ڈپٹی چیئرمین صاحب جبار صاحب کو بھی اس ہاؤس کا ڈپٹی چیئرمین منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ جناب چیئرمین! پچھلی دو terms میں آپ نے جس طرح اس ایوان کے حقوق اور اس ایوان کے ممبران کا تحفظ کیا میں امید کرتا ہوں آپ آئندہ بھی انشاء اللہ تعالیٰ اسی طرح اس ایوان کے حقوق اور اس ایوان کے ممبران کے حقوق کا تحفظ کریں گے۔ الیکشن سے پہلے تو آپ ضرور سیاسی جماعتوں کے نمائندے تھے لیکن چیئرمین منتخب ہونے کے بعد آپ impartial ہو گئے ہیں اور میں امید کرتا ہوں کہ ہاؤس کے تمام ممبران، جنہوں نے آپ کا ساتھ دیا اور وہ ممبران جنہوں نے جمہوریت کی خاطر آپ کی مخالفت کی آپ ان کے حقوق کا تحفظ کریں گے۔ میں ان الفاظ کے ساتھ ایک بار پھر آپ اور جناب ڈپٹی چیئرمین صاحب کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین: جناب امداد علی اعوان صاحب۔

جناب امداد علی اعوان: شکریہ، جناب چیئرمین! میں آپ کا ممنون ہوں کہ آپ نے مجھے موقع دیا کہ میں آپ کو چیئرمین اور میر عبدالجبار کو ڈپٹی چیئرمین منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کروں۔ جناب چیئرمین! واقعی حقیقت ہے آج جب ہم الیکشن میں آئے اور ہم نے محسوس کیا کہ یہ چیز جو تھی وہ آپ کی ذاتی چیز تھی۔ لوگوں کے دل میں، ممبران کے دل میں آپ کے لئے جو عزت تھی، جو پیار اور محبت تھی اور جس طریقے سے آپ کا ماضی کا کردار تھا، ہر آدمی چاہے وہ اپوزیشن میں ہو یا گورنمنٹ میں ہو، ووٹ اس نے کہیں بھی دیا ہو لیکن آپ کے اخلاق کی یقیناً وہ تعریف کرتا ہے، اور جب کوئی آدمی کسی آدمی کی تعریف کرتا ہے تو اس کا اثر یقیناً سننے والوں پر بھی پڑتا ہے۔ یہ چیز میں سمجھتا ہوں آپ کی ذات کی کم جمہوریت کی زیادہ ہے کیونکہ ہم جمہوریت پسند لوگ ہیں اور جمہوریت کے لئے ہم نے کافی جدوجہد کی ہے اور خوش قسمتی سے میرا تعلق بھی اس طبقے سے ہے جس طبقے سے آپ تعلق رکھتے ہیں۔ مجھے زیادہ خوشی اس لئے ہوئی ہے کہ ایک وکیل دوبارہ چیئرمین کی کرسی پر آ کر بیٹھ گیا ہے، وہ بھی تیسری مرتبہ۔ شاید تیسری مرتبہ اس ہاؤس کا کوئی بھی چیئرمین منتخب نہیں ہوا ہے۔

جناب چیئرمین! جہاں تک سینیٹرز کا آپ پراعتماد کا تعلق ہے میں سمجھتا ہوں آپ بھی اسی اعتماد کو مد نظر رکھتے ہوئے اپنا باقی عرصہ ، آئندہ کے تین سال، اسی اعتماد اور

غیرجانبداری کے ساتھ چلائیں گے۔ ہم آپ کو اپنی طرف سے اور اپنی پارٹی کی طرف سے یقین دلاتے ہیں کہ اس ہاؤس کو چلانے میں آپ کے ساتھ بھرپور تعاون کیا جائے گا۔ آپ کو مبارک باد دینے کے ساتھ ساتھ میں ان نئے آنے والے دوست حضرات کو بھی مبارک باد دوں گا جنہوں نے آج حلف لیا اور امید رکھتا ہوں کہ وہ بھی اس ایوان کو چلانے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔

جناب چیئرمین! آج ایک بات اور بھی میں نے محسوس کی کہ جب پانچ مہینے پہلے ہم یہاں آئے تھے تو اس ایوان میں صرف ایک خاتون ممبر تھی اب ماشاء اللہ اس ایوان میں دو خواتین ممبر بن گئی ہیں اور امید رکھتے ہیں کہ ان کی تعداد بڑھتی رہے گی کیونکہ اس ملک میں خواتین کی تعدادا پچاس فیصد سے زیادہ ہے۔

جناب چیئرمین! میں کچھ اور عرض کرنا چاہتا تھا لیکن ہمارے دوست ابراہیم خان صاحب چلے گئے ہیں، انہوں نے ایک بات کہی تھی کہ عورت پر حملہ ...... جہاں تک ہمارے معاشرے کا تعلق ہے، ہم بھی کسی عورت پر حملے کو بہت ہی گھٹیا اور کمینی حرکت سمجھتے ہیں اور ہم اس پر سختی سے تنقید کرتے ہیں خواہ یہ حملہ کسی نے بھی کیا ہو۔ ہم کبھی بھی نہیں چاہیں گے اور نہ کوئی کسی بھی جمہوری معاشرے میں یہ چاہے گا کہ کسی پارلیمنٹ کے لیڈر پر چاہے وہ عورت ہو یا مرد، حملہ کیا جائے۔ کیونکہ وہ دوست یہاں موجود نہیں ہے اس لئے میں اس پر کچھ زیادہ بات نہیں کروں گا۔ اور آپ نے پہلے ہی حکم فرما دیا تھا جب ہمارے دوست کوثر صاحب تقریر فرما رہے تھے کہ ان باتوں پر نہ جائیں۔ اس لئے میں آپ کا زیادہ وقت نہیں لوں گا اس لئے میں ایک بار پھر آپ کو اپنی طرف سے اور اپنی پارٹی کی طرف سے دل سے مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ شکریہ!

جناب چیئرمین: جی کوئی اور صاحب، جی اقبال حیدر صاحب۔

سید اقبال حیدر: میں انتظار کر رہا تھا کہ تمام اراکین اپنے خیالات کا اظہار فرما لیں۔ جناب والا! چونکہ پارلیمانی امور اور قانون کی بھاری ذمہ داری مجھ پر عائد ہوتی ہے۔ اس لئے میرے اوپر خصوصی طور پر فرض بھی عائد ہوتا ہے اور میرا اخلاقی فریضہ بھی ہے اور اچھی روایت بھی ہے کہ اپنی جانب سے، اپنی حکومت کی جانب سے آپ کو خلوص دل سے اس انتخاب پر دلی مبارک باد پیش کروں۔ یہ یقیناً ایک منفرد اعزاز ہے جو کہ نہ صرف آپ نے بحثیت چیئرمین منتخب ہو کر حاصل کیا ہے بلکہ میرے عزیز دوست میر عبدالجبار کے لئے بھی یہ اعزاز ایک لحاظ سے منفرد ہے۔ آپ کے لئے یہ منفرد اعزاز ہے کہ تیسری دفعہ

مسلسل چیئرمین شپ کے انتخاب میں آپ نے کامیابی حاصل کی ہے۔ میرے محترم دوست میر عبدالجبار صاحب نے اپنی زندگی میں پہلی دفعہ یہ بھاری ذمہ داری قبول کرکے یہ اعزاز حاصل کیا ہے۔ دونوں میرے لئے انتہائی قابل احترام اور قابل قدر شخصیات کے حامل ہیں۔ ان کی ذات پر، ان کے اخلاق پر مجھے قطعاً کوئی شک و شبہ نہیں ہے بلکہ ان کا رویہ قابل تعریف ہے۔ میں یقین کرتا ہوں کہ ہم مشترکہ طور پر آپ کی قیادت میں اس ہاؤس کو چلائیں گے اور ہم سب اپنے اس حلف کو مد نظر رکھیں گے۔ جو کہ مختلف اوقات میں بحثیت ممبر، یا بحثیت نائب چیئرمین، یا بحثیت چیئرمین کے آئین کے تحت اٹھاتے رہے ہیں۔ میں یہاں جناب چیئرمین! وقت کی کمی کو مد نظر رکھتے ہوئے یہ بات کہنا ضروری سمجھتا ہوں کہ اکتوبر کی 6 تاریخ سے جو جمہوری عمل شروع ہوا تھا آج وہ بخوبی اور احسن طریقے سے پرامن ماحول میں اختتام پذیر ہوا ہے۔ اور اس جمہوری عمل کے طریقہ کار اور کارکردگی کے بارے میں جتنے بھی خدشات تھے وہ غلط ثابت ہوئے ہیں یہ دو بڑی خصوصیات ہیں اس آج کے انتخاب کی، کہ کچھ حلقوں نے خدشات ظاہر کئے تھے کہ شاید انتخابات منصفانہ نہ ہوں لیکن ہمیں یہ فخر ہے کہ آج کے یہ انتخابات بھی مکمل طور پر شفاف اور منصفانہ ثابت ہوئے ہیں کسی قسم کی دھونس اور دھاندلی کا کوئی ارتکاب کسی جانب سے نہیں ہوا۔ وہ خدشات غلط ہوئے اور دھاندلی کا کوئی ارتکاب کسی جانب سے نہیں ہوا۔

دوسرا خدشہ یہ بھی ظاہر کیا جاتا تھا چند حلقوں کی جانب سے کہ شاید حکومت وقت حزب اختلاف کو برداشت نہ کرے یا نہیں کرتی ہے تو میں یہاں پورے وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ ہم انتخابی عمل کے نتائج کا بھرپور احترام کرتے ہیں اور ہمارا سیاسی مخالف بھی اگر اس انتخابی عمل کے ذریعے سے کامیابی حاصل کرے تو ہم خندہ پیشانی کے ساتھ اس کے نتیجے کو قبول کرتے ہیں۔ ان کے آئینی اور جمہوری حقوق کا احترام، تقدس عزت اور تحفظ میرے لئے اتنا ہی اہم ہے جتنا کہ حکومت کے اپنے وزراء یا اراکین اسمبلی کے حقوق کا احترام اور تحفظ عزیز ہو تو یہ دو نکات تھے جن کا ذکر میں ضروری سمجھتا تھا۔

آخر میں، میں یہ ضرور کہوں گا کہ جہاں ہم بہت سے اعلی فاضل اور انتہائی اہم سینیٹروں کے ساتھ سے محروم ہوئے ہیں کل کی تاریخ میں جن سینیٹر حضرات کی مدت پوری ہوئی ہے جو ریٹائر ہوئے ہیں ان میں بڑی بڑی اہم اور قابل قدر شخصیات تھیں اور انہوں نے ایک بڑا اہم رول ادا کیا ہے چاہے وہ اختلاف سے ہوں چاہے وہ اقتدار سے ہوں۔ میں آج قائد حزب اختلاف ملک محمد علی ہوتی کی کمی کو بھی محسوس کر رہا ہوں وہ میری جماعت سے نہیں ہیں۔ لیکن میں ان کے اخلاق سے اور ان کی موجودگی اور کردار کا معترف ہوں۔ میں نور جہاں پانیزئی صاحبہ کے کردار کا بھی معترف ہوں اور ان کی کمی محسوس کرتا ہوں۔ انہوں نے اپنا ایک کردار اور

رول ادا کیا ہے۔ تمام میرے جو ساتھی ریٹائر ہوئے ہیں انہوں نے ایک بہت ہی اچھے پروقار اور خوشگوار ماحول کے اندر ماضی میں اس ایوان کو چلایا ہے اور جو تسلی ہوئی ہے جناب چیئرمین! وہ یہ ہے کہ شاید 1994 ء کے جو انتخابات سینٹ کے ہوئے ہیں اس میں جتنی قدآور اور مقتدر شخصیات اس ایوان بالا کی رکن بنی ہیں شاید ماضی میں ایسا نہ ہوا ہو، کیونکہ آج جو ہمارے نئے ممبران سینٹ آئے ہیں ان کی کامیابی کا میں خیر مقدم کرتے ہوئے انہیں مبارکباد دیتا ہوں اور یہ ضرور کہوں گا کہ ان میں ایسی ایسی قد آور شخصیات ہیں کہ جو اپنے اپنے قومی جماعتوں کے اپنے علاقائی جماعتوں کے سربراہان بھی ہیں اور سیکرٹری جنرل صاحبان بھی ہیں اور سابق صوبائی سپیکرز بھی ہیں ایک نہیں کئی ہیں۔ سابق جج بھی ہیں اعلی عدالتوں کے، اور سابق وفاقی و صوبائی وزراء بھی ہیں اور وہ شخصیات ہیں جنہوں نے سیاسی طور پر انتہائی متحرک اور موثر کردار جمہوری اداروں میں ادا کیا ہے۔ ایک انتہائی اہم شعبہ یعنی قانون سے بہت سے معروف وکلاء بھی آئے ہیں دانشور بھی آئے ہیں مذہبی جماعتوں کے اکابرین بھی آئے ہیں اور ہمارے فاٹا کے مقتدر شخصیات آئی ہیں۔ فاٹا کے علاقے سے عام طور پر لوگوں کو شکایت ہوتی ہے لیکن میں نے دیکھا ہے کہ بڑے باشعور فاٹا کے اراکین اس دفعہ آئے ہیں اور ان کی آمد سے اور ان کے اس انتخاب پر انہیں دلی مبارکباد کے ساتھ ساتھ میں پوری توقع کرتا ہوں کہ اب ہمارے سینٹ کا وقار اور ہماری ڈیبیٹس اور ہمارا بنیادی فریضہ زیادہ احسن طریقے سے چلے گا، اور وہ بنیادی طریقہ ہے قانون سازی کا فریضہ جناب چیئرمین اور میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ آئین کی بالادستی اور قانون کی حکمرانی اور قانون سازی کے عمل میں اپنی طرف سے آپ کو اپنے تعاون کا یقین دلاتا ہوں اور میں پوری امید کرتا ہوں کہ اگر ہمیں اسی طرح سے پورے ایوان کا تعاون شامل حال رہا تو میں اتنا آپ کو ضرور بتاؤں گا کہ اس سال انشاء اللہ تعالیٰ تمام معزز اراکین کے تعاون سے ہم قانون سازی میں، شاید ہم اتنے قوانین ہم پاس کر لیں گے کہ شاید پاکستان کی تاریخ میں ایک سال کے عرصے میں اتنے قوانین پاس نہیں ہوئے ہوں گے، جتنے کہ میرے پاس بل تیار ہیں، جنہیں کہ ان ایوانوں میں آنا ہے اور میں صرف اپنے اراکین سے درخواست کروں گا کہ قانون سازی جو کہ اس ایوان کا بنیادی فریضہ ہے اس میں آپ سے تعاون کی درخواست کرتا ہوں۔ چاہے ہم کسی جماعت سے تعلق رکھتے ہوں قانون کا سب پر عملدرآمد ہوتا ہے اس لئے قانون سازی کے عمل کو تیز کرنے کی ضرورت اور کوششوں میں، میں آپ کے تعاون سے درخواست کرتا ہوں۔

مفاہمت کی جو بات کی گئی ہے اس میں کوئی دو آراء نہیں ہو سکتی ہیں۔ آج یہ انتخابی عمل ہوا ہے، اس سے ذرا تھوڑی بہت حرارت پیدا ہوتی ہے، شدت پیدا ہوتی ہے، کچھ اختلافات پیدا ہوتے ہیں، آج کے بعد آیئے ہم ایک بار پھر غور کریں کہ کیا جمہوریت کے لئے ضروری ہے اور جمہوری اداروں کے تحفظ اور ان کو فعال بنانے کے لئے مفاہمت کی ضرورت پر کوئی دو رائے نہیں ہے۔ اس کی ضرورت میں آج بھی شدت سے محسوس کرتا ہوں،

کل بھی کرتا تھا، پہلے بھی کرتا تھا اور آج میں پھر کہوں گا کہ آیئے ہم ایک بار پھر نظرثانی کریں اور کوشش کریں کہ وہ نکات جن پر ہمارے آپس میں اتفاق رائے ہو سکتا ہے ان نکات پر تو کم از کم ایک دوسرے کے ساتھ مفاہمت کا راستہ اپنائیں، ایک ضابطہ اخلاق کی ضرورت بھی میں شدت سے محسوس کرتا ہوں۔ آیئے ہم سب مل کر ایوان میں ایک دوسرے کے ساتھ چلنے کا ضابطہ اخلاق اور ایوان کے باہر بھی ایک دوسرے کے اوپر تنقید کرنے یا ایک دوسرے کی مخالفت کرنے یا ایک دوسرے کے ساتھ تعلقات کے بارے میں ہم ایک ضابطہ اخلاق وضع کریں، آیئے ہم قومی مسائل کے اوپر چونکہ پاکستان کے تحفظ اور سیکیورٹی سے متعلق ہے، جس میں صرف اور صرف قومی مفاد کا سوال ہے، آیئے اس کے اوپر اختلاف رائے کی بجائے آپس میں اتحاد پیدا کریں، اتفاق پیدا کریں اور اس کے ساتھ ہم اپنے جمہوری اداروں کو اور زیادہ موثر کریں اور اس طرح سے ہم جمہوریت اور جمہوری اداروں کو یقینی بنائیں اور ملک کے مفاد کو بھی یقینی بنائیں۔ بہت بہت شکریہ جناب چیئرمین۔

جناب چیئرمین : جی جناب میر جبار صاحب۔

جناب میر عبدالجبار : جناب چیئرمین صاحب! میں آپ کا ازحد مشکور ہوں کہ آپ نے تنگی وقت کے باوجود بھی مجھے کچھ وقت دیا۔ جناب والا! سب سے پہلے میں اپنے دل کی اتھاہ گہرائیوں سے آپ کے اس انتخاب پر آپ کو دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں اور اللہ عزوجل سے دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ آپ کو اس منصبِ جلیلہ پر اپنے فرائض منصبی احسن طریقے سے، اپنی شرافت کو مدنظر رکھتے ہوئے، آپ کی ذہانت اور آپ کی قابلیت جس کا ہمیں اس سے قبل بھی علم تھا اس کو بروئے کار لاتے ہوئے اس مقدس ایوان کو اسی طرح چلائیں گے جس طرح آپ اس سے قبل چلاتے رہے ہیں۔

جناب والا! میں آپ کے توسط سے اس ایوان بالا میں اپنے ان تمام ساتھیوں کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں جن کی کوششوں کی بدولت آج میں اس ایوان بالا کا ڈپٹی چیئرمین منتخب ہوا۔ جناب والا! میں آپ کی وساطت سے اپنے ان تمام اراکین کو یقین دلاتا ہوں کہ انہوں نے جس اعتماد کا مجھ پر اظہار کیا ہے میں انشاء اللہ اس پر پورا اترنے کی کوشش کروں گا۔

جناب والا! از حد خوشی ہوئی کہ میں نے آج اس ایوان میں جو نئے چہرے دیکھے جو ہمارے نئے ساتھی آئے ان میں ایسے بالغ النظر وسیع القلب کہنہ مشق سیاست دان وسیع بصیرت والے سیاسی سماجی خدمت کرنے والے ماہرین اقتصادیات ماہرین قانون دیکھے ہیں جو میں

سمجھتا ہوں کہ جو ہمارے اس مقدس ادارے کے لئے ایک نیک شگون ہے ایک نیک فال ہے اس ملک کے لئے ایک بہت اچھی بات ہے کہ ہم اس میں مل کر اس ملک کی فلاح کے لئے بہبود کے لئے کام کریں گے۔ اور ہم اپنے اس عوام کے معیار پر پورا اترنے کی کوشش کریں گے۔

میں اس معزز ایوان کا اور ان اراکین حضرات کا زیادہ وقت نہیں لینا چاہتا۔ آپ کی وساطت سے میں ان اصحاب کا ایک مرتبہ پھر شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں جنہوں نے مجھ پر بھرپوراعتماد کا اظہار کیا اور مجھے منتخب کیا میں اپنے حریف میاں ربانی صاحب کا بھی از حد مشکور ہوں جس طرح انہوں نے نتائج کو خندہ پیشانی سے قبول کیا وہ غالباً جمہوریت کی اصل روح ہے میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور انہی الفاظ پر اپنی تقریر ختم کرتا ہوں۔

Mr. Chairman: Thank you. Well, the honourable members of the Senate, I wish I had more time to respond to all the good wishes and expression of sentiments which have been made. I am grateful to you for the warm words which you have said about me, I think, the success that God has given me today is not really a credit to me, it is really a credit to all those traditions which we have together created in this House and the credit really goes to all those members, all those people who have worked in upholding and building these traditions over the last nine years and I have only tried to carry forward these traditions and the credit goes to all of you, to all those members who have been here before us, the Chairmen who have been here before us and the Deputy Chairmen who have been before us, the traditions that we have tried to establish in this House are one of impartiality, neutrality and objectivity. I have tried my best, of course, I am human being, and human being have their faults but to the best of my ability I have tried that when conducting the proceedings of this House, I should make no distinction between one party and other, try and create balance in the House and give effective voice to all those people where ever they may come from and whatever background of party they may belong to. I hope that with your

support I will be able to carry forward these traditions and build them further.

You have reminded me today of my responsibilities. I am grateful to you for doing this because in a moment of victory one tends to forget that one has grave responsibilities. I am extremely grateful to Qazi Hussain Ahmad Sahib, for pointing out that I have grave responsibilities and I am conscious of them. I hope that I will continue to get the support of the government, the Opposition, of all the honourable members so that we can do the work that this House is really here for and that is to look into the problems of the people of Pakistan are facing, to find solution for them, to give them guidelines and ideas so that we may help Pakistan to become a stronger, better and healthier Pakistan. I don't have much time so that I will not go on any longer. I just want to thank you once again for the very warm words that you have said about me. I would like to take this opportunity to welcome the new members and I do hope that they will have a very successful tenure and I want to, of course, appreciate the work done, contributions made by the distinguished memebrs who are no longer members of this House today. We appreciate what they have done and as I said that we are all grateful for the traditions that we have built for this House and let us hope we will carry forward these traditions in future. So thank you very much.

With these words I will now read the order of the President of Pakistan.

"In exercise of powers conferred by Clause 1 of Article 54 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, I hereby prorogue the Senate on the conclusion of its sitting on 21st March, 1994."

sd/-

President

Farooq Ahmad Khan Leghari

(Then the House was prorogued sine die)

PCPPI—346 (96) Senate—14-3-96—180.